محمد بن الیاس اور ماکان کی جنگ: محمد بن الیاس کی طاقت روز بروز ۳۲۱ھ تک بڑھتی گئی اور قوت سے بڑھ جانے کے بعد اس نے ملک حاصل کرنے کے لئے محمد یاقوت کی کمزوری سے فائدہ اٹھا لیا تب محمد بن الیاس کرمان کی جانب واپس ہوا۔ اس وقت امیر سعید نے اپنے ... ماکان بن کاکی کو ایک عظیم فوج کے ساتھ ۳۲۲ھ میں کرمان کے فتح کرنے کے لئے بھیجا۔ چنانچہ محمد بن الیاس کی ماکان سے سخت لڑائی ہوئی۔ محمد بن الیاس کو شکست ہوئی اور ماکان نے امیر سعید کی نیابت میں کرمان پر قبضہ کر لیا۔ محمد بن الیاس شکست اٹھا کر چلا گیا۔ پھر جب ماکان کرمان سے واپس چلا گیا جیسا کہ ہم آگے تحریر کریں گے تو محمد بن الیاس پھر کرمان کی طرف واپس چلا آیا۔

امیر سعید نصر کا فرمان: امیر نصر نے مرداویج کے قتل کے بعد اپنے قریب ماکان کے نام ایک فرمان ابو المظفر کی طرف سے لکھا اور جرجان کی جانب بڑھنے کا حکم دیا۔ ماکان کرمان سے مسافت طے کرتے ہوئے جرجان پہنچا۔ معلوم ہوا تھا کہ محمد بن مظفر نیشاپور پر قابض ہو گیا تھا اور ماکان کے پہنچنے سے پہلے لشکر کو شکست دے چکا تھا۔ اس وجہ سے ماکان اس جنگ سے دل برداشتہ ہو کر نیشاپور میں مقیم ہو گیا۔ امیر سعید نصر نے اس سند حکومت ماکان کو عطا کی۔ یہ واقعہ ۳۲۴ھ کا ہے۔

آپ اوپر پڑھ چکے ہیں کہ محمد بن الیاس نے ماکان کی واپسی کے بعد کرمان پر دوبارہ قبضہ کر لیا تھا چنانچہ امیر سعید اس کی طرف سے بے فکر ہو کر ملکی مہمات میں مصروف ہو گیا۔ آخر کار محمد بن الیاس کرمان پر عرصہ دراز تک قابض ہو گیا۔

ماکان کی بغاوت جب باغیوں نے جرجان پر قبضہ کرلیا اور ماکان نیشاپور میں تھا تو [illegible] نیشاپور کی حکومت وہاں رہی تھی تو تھوڑے دن بعد یحییٰ انتقال کرگیا۔ محمد بن مظفر سپہ سالار افواج سامانیہ ماوراء النہر کی خبر ملی تو اس نے ماکان کو فوراً نیشاپور روانہ کیا۔ جرجان پر قبضہ کرلینے کے لئے [illegible]۔ ماکان نے چند روز قیام کیا اس کے بعد نیشاپور سے نکل کر اسفرائین کی طرف چلا اور وہاں سے ایک فوج جرجان پر قبضہ کرنے کے لئے روانہ کی۔ چنانچہ اس فوج نے پہنچ کر جرجان پر قبضہ کرلیا۔ قبضہ جرجان کے بعد ماکان نے [illegible] مخالفت اور سرکشی کا اعلان کردیا۔ اس وقت محمد بن مظفر نیشاپور چلا آیا تھا۔ ماکان نے اس کی فوج کی کمی کا احساس کر کے نیشاپور کی طرف قدم بڑھایا۔ چونکہ محمد بن مظفر کو ماکان کے ارادے کی خبر پہنچی اور وہ جنگ کے لئے تیار نہ تھا اس وجہ سے نیشاپور کو چھوڑ کر سرخس چلا آیا اور ماکان رمضان ۳۲۲ھ میں نیشاپور میں داخل ہوا۔ پھر [illegible] سامانی افواج جمع ہوکر یلغار کرکے نیشاپور سے روانہ ہوا۔

ابوعلی بن ابوبکر محمد ابوبکر محمد بن مظفر بن محتاج والئ خراسان امیر سعید نصر کے نامور سرداروں میں سے تھا اور ۳۲۱ھ سے خراسان کی گورنری پر مامور تھا جب ۳۲۷ھ کا دور آیا ابوبکر محمد بیمار ہوگیا اور اس کی بیماری نے طول پکڑا تو امیر سعید نے [illegible] بیٹے ابوعلی کو اصفہان [illegible] سے طلب کرکے بخارا طلب کرلیا۔ ابوبکر محمد نیشاپور سے کچھ منزل کی مسافت پر اپنے بیٹے سے ملا اور اس کو ضروری ہدایات اور نظام سلطنت کے اصول سمجھا کر بخارا چلا گیا۔

جرجان کی فتح ابوعلی اس وقت نیشاپور میں داخل ہوکر چند ہی [illegible] ماہ محرم ۳۲۸ھ میں جرجان کی طرف کوچ کیا اس وقت جرجان پر ماکان کا قبضہ تھا اور یہ امیر سعید نصر کی حکومت سے باغی تھا۔ ماکان نے اگرچہ جرجان کے گردونواح کے چشموں اور کنوؤں کا پانی خراب کردیا تھا مگر ابوعلی اس سے بے پروا ہوکر ان چشموں اور منزلوں سے گزر کر جرجان تک پہنچا۔ ماکان نے قلعہ بند ہوکر [illegible] محاصرہ کرلیا اور نہایت سختی سے رسد و کمک کی آمد بند کردی۔ ماکان نے مجبور ہوکر وشمگیر سے امداد طلب کی۔ وشمگیر اس وقت رے میں تھا۔ اس نے اپنے سپہ سالاروں میں سے ایک سپہ سالار کو اس کی کمک پر روانہ کیا۔ اس سپہ سالار نے جرجان کے قریب پہنچ کر دونوں فریقوں میں صلح کی گفتگو شروع کردی اور چار ماہ محاصرہ کے بعد صلح کی شکل قائم ہوئی ماکان جرجان چھوڑ کر طبرستان چلا گیا۔ ابوعلی نے ۳۲۸ھ میں جرجان پر قبضہ کرلیا اور اپنی جانب سے ابراہیم بن سیمجور دواتی کو مامور کیا۔

ابوعلی کی رے پر فوج کشی ابوعلی نے جرجان پر قبضہ کرنے کے بعد اس کا نظام حکومت درست کرکے اپنی جانب سے ابراہیم بن سیمجور دواتی کو مامور کیا اور سامان جنگ و سفر درست کرکے ماہ ربیع الاول ۳۲۹ھ میں رے کا قصد کیا اس وقت رے پر وشمگیر بن زیار [illegible] تھا۔ اس نے اپنے بھائی کے بعد اس صوبہ پر قبضہ کرلیا تھا عمادالدولہ اور رکن الدولہ پسران بویہ ابوعلی کو رے پر قبضہ کرلینے کی تحریک و ترغیب دے رہے تھے اور فوجی امداد بھی دینے کا وعدہ کرتے تھے [illegible] اس وقت ابوعلی [illegible] اس وقت رے پر حکومت [illegible] رے میں قیام [illegible] سامانی حکومت [illegible]۔ الغرض ابوعلی ان لوگوں کی ترغیب سے رے پر قبضہ کرنے

۱؎ [illegible]

خیال سے روانہ ہوا۔

ابو علی کا رے پر قبضہ: وشمگیر نے اس سے مطلع ہو کر ماکان بن کاکی کو لکھ بھیجا اور امداد طلب کی ماکان فوجیں مرتب کر کے طبرستان سے روانہ ہوا۔ ادھر ابو علی رے کے قریب آ پہنچا۔ رکن الدولہ اور عماد الدولہ کی امدادی فوجیں بھی آ گئیں۔ اطراف رے میں دونوں حریفوں کا مقابلہ ہوا۔ وشمگیر شکست کھا کر طبرستان کی طرف بھاگا اور وہیں پہنچ کر قیام اختیار کیا۔ ماکان سینہ سپر ہو کر میدان جنگ میں لڑتا رہا۔ آخر کار اسے ایک تیر آ کر لگا جس سے ماکان نے تڑپ کر جان دے دی۔ فوج میں بھگدڑ مچ گئی فتح مند گروہ نے لوٹ مار شروع کر دی۔ ابو علی فتح مندی کا جھنڈا لئے ہوئے ۳۲۹ھ میں رے میں داخل ہوا اور ماکان کا سر قیدیان جنگ کے ساتھ دارالسلطنت بخارا روانہ کر دیا۔

وشمگیر کی اطاعت: اس شکست کے بعد وشمگیر طبرستان ہی میں مقیم رہا۔ یہاں تک کہ اس نے بھی خوف سامانی کی اطاعت قبول کر لی ۳۳۰ھ میں خراسان آیا اور قیدیان جنگ کے واپس بھیجے کی درخواست کی۔ امیر سعید نصر نے قیدیوں کو اس کی درخواست کے مطابق رہا کر دیا اور مقتولین کا سر بخارا ہی میں رہ گیا۔ دارالخلافت بغداد نہیں بھیجا گیا۔

ابو علی کا بلاد جبل پر قبضہ: ابو علی گورنر خراسان نے رے پر قبضہ کر لینے کے بعد امیر سعید نصر کی حکومت کے تحت حکمرانی شروع کر دی۔ نظم و نسق درست کر کے ایک فوج کو بلاد جبل سر کرنے کے لئے روانہ کیا اس فوج کو اس مہم میں کامیابی ہوئی۔ پھر ابو علی نے رفتہ رفتہ زنجان، ابہر، قزوین، قم، کرخ، ہمدان، نہاوند، دینور کو حدود حلوان تک کسی کو بزور تیغ کسی کو مصالحت سے فتح کر کے اپنے دائرہ حکومت میں داخل کر لیا۔ عمال مقرر کئے خراج وصول کیا۔

ساریہ کی مہم: حسن بن فیرزان ماکان بن کاکی کا چچا زاد بھائی اس وقت ساریہ میں تھا۔ وشمگیر اسے ایک مدت سے اپنا مطیع بنانا چاہتا تھا اور حسن انکاری جواب دے رہا تھا۔ وشمگیر نے ابو علی سے شکست اٹھا کر حسن کے زیر کرنے کے ارادہ کیا اور اپنے اس ارادہ کو پورا کرنے کی غرض سے فوجیں مرتب کر کے ساریہ پر چڑھائی شروع کر دی اور محاصرہ کر کے ساریہ پر قبضہ کر لیا حسن بحال پریشان کسی طرح اپنی جان بچا کر ابو علی کی خدمت میں پہنچا اپنی سرگزشت بیان کر کے امداد کا خواستگار ہوا چنانچہ ابو علی نے اپنا لشکر مرتب کر کے حسن کی کمک پر کمر باندھی اور کوچ و قیام کرتا ہوا ساریہ پہنچا۔ وشمگیر اس وقت تک ساریہ میں مقیم تھا ابو علی نے ۳۳۱ھ میں وشمگیر پر ساریہ میں محاصرہ ڈال دیا اور نہایت سختی سے لڑائی جاری کر دی بالآخر وشمگیر نے مصالحت کی درخواست کی ابو علی نے امیر سعید نصر سامانی کی اطاعت کا اقرار لے کر مصالحت کر لی اور اس کے بیٹے سالار کو بطور رہن اپنی خدمت میں رکھ لیا۔ جمادی الاخر ۳۳۱ھ میں مہم ساریہ سے فارغ ہو کر ابو علی نے جرجان کی جانب کوچ کیا۔ جرجان پہنچ کر امیر سعید نصر کی وفات کی خبر سنی فوراً خراسان کی جانب کوچ کر دیا۔

حسن بن فیرزان کی بغاوت: امیر سعید نصر کی وفات اور ابو علی کے خراسان کی جانب واپس ہونے سے حسن کو بغاوت کا موقع مل گیا نہایت بے باکی سے ابو علی کے لشکر گاہ کو لوٹ لیا اور وشمگیر کے بیٹے سالار کو جو ابو علی کے پاس رہن تھا لے کر جرجان آیا اور اس پر قابض ہو گیا ادھر وشمگیر نے رے کی جانب قدم بڑھایا اور کمال تیزی سے رے پر قبضہ کر لیا اس کے بعد حسن نے وشمگیر سے خط و کتابت کا سلسلہ جاری کیا اور ملانے کی غرض سے سالار ابن وشمگیر کو وشمگیر کے پاس بھیج دیا۔ وشمگیر

نے حسن کی تحریر کے مطابق لشکر خراسان کے مقابلہ پر امداد دینے کا وعدہ لیا اور ملک گیری کی ترغیب دی۔

رکن الدولہ بن بویہ کی رے پر فوج کشی: وشمگیر کے قبضہ رے کے بعد بنو بویہ کو یہ فکر لاحق ہوئی کہ وشمگیر کی فوج اور مال کی قلت سے جو کہ ابو علی سے جنگ کی وجہ سے محسوس ہو رہی ہے فائدہ اٹھایا جائے۔ اس بنا پر رکن الدولہ بن بویہ نے رے پر فوج کشی کی۔ وشمگیر مقابلہ پر آیا اور شکست اٹھا کر بھاگا۔ اس کے اکثر ہمراہی رکن الدولہ سے امن حاصل کر کے اس کے لشکر میں داخل ہو گئے۔ وشمگیر خائب و خاسر طبرستان کی جانب روانہ ہوا۔ حسن بن فیرزان کو اس کی خبر لگی تو وہ بھی وشمگیر سے اپنی پرانی عداوت نکالنے پر تل گیا۔ فوج کے چند دستے لے کر روک ٹوک کے لئے میدان میں آیا۔ وشمگیر کے بقیہ ہمراہیوں میں سے اکثر نے حسن سے امن حاصل کر کے اپنی جان بچائی۔ وشمگیر نے شکست کھا کر خراسان کا راستہ لیا۔ انہیں واقعات سے حسن اور رکن الدولہ میں خط و کتابت کا سلسلہ جاری ہوا اور رکن الدولہ نے حسن کی بیٹی سے عقد کر لیا جس کے بطن سے فخر الدولہ علی پیدا ہوا۔

امیر سعید نصر کی وفات: ماہ رجب ۳۳۱ھ میں امیر سعید نصر والی خراسان و ماوراء النہر بعارضہ سل بیمار ہوا۔ تیرہ مہینہ بیمار رہ کر ماہ شعبان میں اپنی حکومت کے تیس سال پورے کر کے راہ گزار عالم آخرت ہوا۔ حلیم کریم اور عاقل تھا۔ مرض الموت میں اس نے نہایت سچائی سے اللہ تعالیٰ کی جانب رجوع کیا تھا۔

باب: ۷

امیر نوح بن امیر سعید نصر

ابوالفضل محمد بن احمد: امیر سعید کے مرنے کے بعد اس کا بیٹا نوح تخت حکومت پر متمکن ہوا۔ علم و کرم میں یہ بھی اپنے باپ کا سچا جانشین تھا۔ اس کی امارت و حکومت کی لوگوں نے بیعت کی۔ امیر حمید کا لقب اختیار کیا۔ اس کے باپ کے مشہور سرداروں میں ابوالفضل محمد بن احمد حاکم قلمدان وزارت کا مالک ہوا۔ ملک کا انتظام، گورنروں کا رد و بدل، عزل و نصب اسی کی رائے سے ہوتا تھا۔

ابوالفضل بن حمویہ: مرحوم امیر سعید نصر نے اپنے بیٹے اسماعیل کو ابوالفضل بن حمویہ کی زیر نگرانی بخارا کی حکومت پر مامور کیا تھا۔ ابوالفضل ہی اسماعیل کے تا زندگی تک قبضہ کا انتظام کرتا تھا۔ یہی وجہ ہے اس سے اور نوح سے چشمک تھی۔ اتفاق سے اسماعیل اپنے باپ کی زندگی میں مر گیا۔ امیر سعید نصر متمکن ہوا تو ابوالفضل نے بخارا سے نکل کر جیحون عبور کیا اور آمد پہنچا۔ ابوعلی اس وقت چغانیہ میں تھا۔ ابوالفضل اور ابوعلی میں دامادی کا رشتہ تھا۔ ابوالفضل نے اپنے حالات لکھے اور یہ لکھا کہ میں تمہارے پاس آنا چاہتا ہوں۔ ابوعلی نے اپنے پاس آنے سے روک دیا۔ اس کے بعد امیر نوح نے اپنے خط خاص سے امان نامہ لکھ کر ابوالفضل کے پاس بھیج دیا۔ جب وہ حاضر خدمت ہوا تو کمال عزت و احترام سے پیش آیا اور سمرقند کی سند حکومت عطا کی۔ ابوالفضل بن حمویہ وزیر السلطنت ابوالفضل محمد بن احمد حاکم سے موافقت نہ رکھتا تھا اور نہ اس کے احکام کا لحاظ کرتا تھا اسی وجہ سے وزیر السلطنت اس سے کشیدہ رہا کرتا تھا۔ غرض کہ دونوں کے دلوں میں ایک دوسرے کی طرف سے کدورت اور رنجش بھری ہوئی تھی۔

عبداللہ بن اشکام کی سرکشی و اطاعت: امیر نوح کی حکومت کے دوسرے سال عبداللہ بن اشکام نے خوارزم میں علم بغاوت بلند کیا۔ امیر نوح نے اس کی سرکوبی کی غرض سے فوجیں مرتب کر کے بخارا سے ۳۳۲ھ میں مرو کی جانب کوچ کیا اور ایک فوج کو ابراہیم بن فارس کی ماتحتی میں بطور ہراول آگے بڑھنے کا حکم دیا۔ اتفاق سے ابراہیم کا اثنائے راہ میں انتقال ہو گیا۔ عبداللہ بن اشکام امیر نوح کی روانگی کا حال سن کر گھبرا گیا۔ بادشاہ ترک کے دامن میں جا چھپا۔ بادشاہ ترک کا لڑکا بخارا میں قید تھا۔ امیر نوح نے بادشاہ ترک کو لکھ بھیجا کہ اگر تم عبداللہ بن اشکام کو میرے پاس بھیج دو تو میں اس کے معاوضہ میں تمہارے بیٹے کو قید سے رہا کر دوں گا۔ بادشاہ ترک نے اس کا اقراری جواب دیا۔ کسی ذریعہ سے اس کی خبر عبداللہ بن اشکام تک پہنچ گئی۔ بادشاہ ترک کے پاس سے بھاگ آیا اور امیر نوح کی خدمت میں حاضر ہو کر اطاعت قبول کر لی۔ امیر نوح نے اس کا قصور

معاف کر دیا اور اس کی عزت بڑھا دی۔

ابوعلی اور رکن الدولہ کی جنگ: ان واقعات کے بعد امیر نوح نے مرو کی جانب کوچ کیا اور ابوعلی کو عساکر خراسان کے ساتھ رے کی طرف بڑھنے اور رکن الدولہ بن بویہ کے قبضہ سے نکال لینے کا حکم دیا۔ ابوعلی نے اس حکم کی تعمیل میں رے کا راستہ لیا۔ اثنائے راہ میں وشمگیر سے ملاقات ہوئی۔ وشمگیر وفد ہو کر امیر نوح کی خدمت میں جا رہا تھا۔ ابوعلی نے اپنے ہمراہیوں کے ہمراہ امیر نوح کی خدمت میں وشمگیر کو روانہ کر دیا اور خود بسطام کی طرف بڑھا۔ بسطام پہنچ کر اس کے لشکر میں پھوٹ پڑ گئی کچھ لوگ ابوعلی سے جدا ہو کر منصور بن قراتکین کے ساتھ جو کہ امیر نوح کے نامور سرداروں میں سے تھا جرجان کی طرف چل کھڑے ہوئے۔ حسن بن فیروزان نے روکا جس سے یہ لوگ نیشاپور کی طرف لوٹے اور نیشاپور سے امیر نوح کے پاس مرو چلے گئے۔ ابوعلی ان لوگوں کی علیحدگی کے بعد رے پہنچا اور لڑائی کا نیزہ گاڑ دیا۔ رے سے چار پانچ کوس کے فاصلہ پر رکن الدولہ نے مورچہ قائم کیا۔ ابوعلی کے لشکر میں ایک جماعت کردوں کی بھی تھی۔ ان لوگوں نے ابوعلی کو دھوکا دیا اور عین جنگ کے وقت اس سے علیحدہ ہو کر امن حاصل کر کے رکن الدولہ کے پاس چلے گئے جس سے ابوعلی کو شکست ہوئی لوٹ کر نیشاپور آیا۔ پھر نیشاپور سے مرو میں امیر نوح کی خدمت میں حاضر ہوا۔

ابوعلی کا رے پر قبضہ: امیر نوح نے اسے تسلی دے کر از سر نو فوجیں مرتب کر کے رے کی طرف بڑھنے کا حکم دیا۔ رکن الدولہ کو اس کی خبر لگ گئی کثرت فوج سے خائف ہو کر رے چھوڑ دیا۔ ابوعلی نے رے پر اور تمام صوبجات پر قبضہ کر لیا۔ گورنروں اور نوابوں کو صوبے کے انتظام پر مامور کیا۔ یہ واقعہ ماہ رمضان ۳۳۳ھ کا ہے۔

ابوعلی کی معزولی: اس کے بعد امیر نوح نے مرو سے نیشاپور کی طرف کوچ کیا اور نیشاپور پہنچ کر قیام اختیار کیا۔ ابوعلی کے دشمنوں نے بازاریوں اور عوام الناس کو اشارہ کر دیا اور لوگ جوق در جوق امیر نوح کی خدمت میں آئے ابوعلی اور اس کے گورنروں کی بداخلاقی، ظلم اور زیادتیوں کی شکایت کی۔ امیر نوح نے نیشاپور کی حکومت پر ابراہیم بن سیمجور کو مامور کیا اور نیشاپور سے بخارا کی جانب واپس ہوا۔

امیر نوح اور ابوعلی میں کشیدگی: فتح رے کے بعد ابوعلی کو یہ خیال پیدا ہوا کہ امیر نوح میرے ساتھ اس خدمت کے صلہ میں حسن سلوک پیش آئے گا۔ مگر جب لگانے بجھانے والوں نے امیر نوح اور ابوعلی میں نا چاقی پیدا کر دی اور امیر نوح نے اسے معزول کر دیا تو ابوعلی نے اپنی معزولی سے رنجیدہ ہو کر رے آ کر قیام پذیر ہوا اور اپنے بھائی ابوالعباس فضل بن محمد کو ہمدان اور جبال کی طرف روانہ کیا ہمدان کی عنان حکومت اس کے حوالے کی اور اپنی تمام فوج کی سپہ سالاری کا عہدہ دیا۔ چنانچہ فضل نے نہاوند اور دینور کا ارادہ کیا۔ اس طرف کے رؤسا اکراد نے اطاعت قبول کی امن کے درخواست گزار ہوئے۔ فضل نے ان علاقوں پر قبضہ حاصل کر لیا اور ان کی اطاعت قبول کرنے کی وجہ سے ان کی امانتیں واپس دے دیں۔

جس وقت وشمگیر بطور وفد امیر نوح کی خدمت میں بمقام مرو حاضر ہوا جیسا کہ ہم اوپر لکھ آئے ہیں اور فتح جرجان کی غرض سے امداد کی درخواست کی امیر نوح نے ایک فوج کو اس کی کمک پر متعین کیا اور ابوعلی کو وشمگیر کی موافقت اور مدد کرنے کے لئے لکھ بھیجا۔ وشمگیر نے ابوعلی سے جب کہ وہ رے کے قبضہ سے خارج ہو کر نیشاپور کی طرف آ رہا تھا ملاقات کی

ابوعلی نے امیر نوح کی تحریر کے مطابق اپنی تمام فوج جو اس وقت اس کی رکاب میں تھی وشمگیر کے ساتھ روانہ کر دی۔ وشمگیر دل بادل لشکر لئے ہوئے جرجان آیا اور حسن بن فیروزان سے معرکہ پیکار ہوا حسن کو اس واقعہ میں شکست ہوئی اور وشمگیر نے جرجان پر امیر نوح ابن سعید کی حکومت کی ماتحتی میں ماہ صفر ۳۳۳ھ میں قبضہ کر لیا۔

ابراہیم بن احمد۔ آپ اوپر پڑھ چکے ہیں کہ امیر نوح نے ابوعلی بن محتاج کو حکومت خراسان سے معزول کر دیا تھا۔ آپ کو یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ امیر نوح اس سے پہلے ابوعلی کو سپہ سالاری لشکر سے بھی معزول کر چکا تھا جس وقت ابوعلی نے رے سے نیشاپور کی جانب کوچ کیا اور رے کے خیال سے معرکہ کی تیاری میں معروف ہوا تو امیر نوح نے ایک شخص کو مرو اور رے کی غرض سے امیر لشکر مقرر کر کے روانہ کیا اس شخص نے لشکریوں سے بدخلقی کی بلاوجہ جرم کے کسی کا نام کاٹ دیا کسی کی تنخواہ کم کر دی۔ کسی کا وظیفہ بڑھا دیا اور کسی کو بحال کر دیا۔ اس سے لشکریوں کو نفرت اور کشیدگی پیدا ہوئی۔ ایک دوسرے سے شکوہ شکایت کرنے لگے اس سے امیر لشکر کو بھی خیال پیدا ہوا اسی وقت جو ہمدان میں تھی کل تمام فوج نے جمع ہو کر رے جانے اور ابراہیم بن احمد برادر سعید کو امیر بنانے کی رائے قائم کی ابراہیم بن احمد وہی شخص ہے جو امیر نوح کے مقابلہ سے شکست اٹھا کر موصل چلا گیا تھا جیسا کہ اوپر تحریر کیا گیا۔ ابوعلی کو جب اس کی اطلاع ہوئی تو اس نے لشکریوں کو اس فعل سے روکا مگر لشکریوں نے ایک نہ سنی اس کے قید کرنے کی دھمکی دی اور ابراہیم بن احمد کو امیر بنانے اور بیعت امارت کرنے کے لئے بلا بھیجا ابراہیم ان لوگوں کے پاس ہمدان میں ماہ رمضان ۳۳۳ھ میں آیا۔ ابوعلی نے اس سے ملاقات کی اور تمام لشکریوں کے ساتھ ماہ شوال میں رے کی جانب کوچ کیا۔ جس وقت رے میں تھے کسی ذریعہ سے یہ خبر معلوم ہوئی کہ اس کے بھائی فضل نے امیر نوح کو ایک خط جو واقعات کا آئینہ دار ہے مشتمل تھا، روانہ کیا ابوعلی نے فوراً اپنے بھائی اور اس شخص کو جس نے لشکریوں کے ساتھ [illegible] برتاؤ کئے تھے گرفتار کر لیا۔ رے اور ہمدان پر اپنی طرف سے ایک شخص کو بطور گورنر مقرر کر کے نیشاپور کا راستہ اختیار کیا۔

سپہ سالار محمد بن احمد کا قتل۔ امیر نوح کو اس کی خبر لگی تو اس نے فوجیں مرتب کیں اور بخارا سے مرو کی جانب کوچ کیا چونکہ لشکریوں میں محمد بن احمد حاکم سپہ سالار افواج کی بداخلاقی کی وجہ سے شورش کا مادہ پیدا ہو گیا تھا اس وجہ سے ان لوگوں نے امیر نوح سے اس کی شکایت کی اور یہ ظاہر کر دیا کہ اس کی وجہ سے ابوعلی کو حکومت کی مخالفت کا موقع ملا ہے اس نے دولت و حکومت کے نظام کو درہم برہم کیا ہے۔ لشکریوں نے اس کے علاوہ یہ مطالبہ بھی کیا تھا کہ اگر محمد بن احمد حاکم سپہ سالار ہمارے حوالے نہ کیا جائے گا تو ہم ہوا خواہان حکومت کی اطاعت سے علیحدہ ہو جائیں گے۔ امیر نوح نے اس شورش کو فرو کرنے کی غرض سے سپہ سالار مذکور کو لشکریوں کے حوالے کر دیا۔ چنانچہ لشکریوں نے ماہ جمادی الاول ۳۳۵ھ میں اسے قتل کر ڈالا۔

ابوعلی کا مرو پر قبضہ۔ اس اثناء میں ابوعلی نیشاپور پہنچا۔ اس وقت نیشاپور میں ابراہیم بن سیمجور اور منصور بن قراتکین وغیرہ سپہ سالاران حکمرانی کر رہے تھے ابوعلی نے ان لوگوں سے ساز باز کرنے کی کوشش کی اور بالآخر اس کوشش میں کامیاب ہو گیا۔ ماہ محرم ۳۳۵ھ میں نیشاپور میں داخل ہوا کچھ عرصہ بعد منصور بن قراتکین سے کسی معاملہ میں مشکوک ہو کر گرفتار کر لیا۔ اس کے بعد ماہ ربیع الاول سنہ مذکور میں ابراہیم بن احمد کے ساتھ نیشاپور سے مرو کی جانب روانہ ہوا اثناء راہ سے ابوعلی کا بھائی فضل قید سے نکل کر قہستان کی طرف بھاگ گیا۔ الغرض جوں ہی ابوعلی وغیرہ مرو کے قریب پہنچے، امیر نوح کے لشکر میں

اختلاف پیدا ہو گیا۔ لشکر کا اکثر حصہ امیر نوح سے علیحدہ ہو کر ابو علی سے جا ملا۔ امیر نوح نے یہ رنگ دیکھ کر مرو سے بخارا کا راستہ لیا اور ابو علی نے مرو پر قبضہ کر لیا۔ یہ واقعہ ماہ جمادی الاول ۳۳۵ھ کا ہے۔ تھوڑے عرصے کے بعد ابو علی نے طخارستان کو بھی اپنے دائرہ حکومت میں شامل کر لیا۔

ابو علی کی شکست امیر نوح نے بخارا پہنچ کر اپنی مالی و فوجی حالت درست کی اور ایک بڑا لشکر مرتب کر کے فضل بن محمد کو ابو علی کی [illegible] میں صغانیان کی طرف ابو علی سے جنگ کے لئے روانہ کیا۔ صغانیان پہنچ کر اتفاق سے چند روز لڑائی کی نوبت نہ آئی۔ سپہ سالار لشکر کی ایک جماعت نے فضل پر تہمت لگائی کہ یہ اپنے بھائی سے ملا ہوا ہے اور گرفتار کر کے بخارا امیر نوح کے پاس بھیج دیا۔ اس واقعہ کی خبر ابو علی کو طخارستان میں پہنچی۔ ابو علی نے طخارستان سے صغانیان کی جانب کوچ کیا۔ ربیع الاول ۳۳۷ھ تک دونوں فریقوں میں چھیڑ چھاڑ اور خونریز لڑائی ہوتی رہی بالآخر امیر نوح کے لشکریوں نے ابو علی کو شکست دی۔ ابو علی شکست اٹھا کر صغانیان کی طرف لوٹا اور جب وہاں بھی اسے چین نہ ملا تو وہاں سے نکل کر اس کے قریب ہی شومان میں جا ٹھہرا۔

ابو علی کی اطاعت امیر نوح کی فوج نے صغانیان میں داخل ہو کر اسے لوٹ لیا۔ ابو علی کے محلات اور اس کے امراء کے مکانات ویران کر دئے گئے۔ پھر امیر نوح کے لشکر نے اس قدر کامیابی پر اکتفا کر کے ابو علی کا تعاقب کیا۔ ابو علی اس وقت جنگ سے تنگ آ گیا تھا مرنا پسند کرتا۔ مجبوری ہر طرح معرکہ [illegible] جنگ آ پڑا اور بہت تنگی سے شکست کھائی۔ اس نے یہ محسوس کیا کہ رسد و غلہ کی آمد کا راستہ بند ہے اور کتابت کی راہ بھی مسدود ہو گئی تب لشکریان امیر نوح نے مصالحت کا پیام دیا۔ ابو علی نے یہ درخواست منظور کر لی اور اپنے بیٹے ابو المظفر عبداللہ کو نوح کی خدمت میں بطور یرغمال بھیج دیا۔ ماہ جمادی الآخر ۳۳۷ھ میں اس امر کی تکمیل ہوئی اور فتنہ و فساد کا دروازہ بند ہو گیا۔

جس وقت ابو علی کا بیٹا ابو المظفر وارد بخارا ہوا تو امیر نوح [illegible] سے پیش آیا اور اپنے امراء کو اس کے استقبال کا حکم دیا اور جب وہ دربار میں حاضر خدمت ہوا تو اسے خلعت دیا اور اپنے ہم نشینوں کے زمرے میں داخل کر لیا۔

رکن الدولہ بن بویہ کی شکست ابن اثیر نے لکھا ہے کہ یہ وہ واقعات ہیں کہ جن کی مورخین خراسان نے روایت کی ہے اہل عراق کہتے ہیں کہ جب ابو علی خراسانی لشکر لے کے رے کی طرف روانہ ہوا تو رکن الدولہ بن بویہ نے اپنے بھائی عماد الدولہ سے امداد طلب کی۔ عماد الدولہ نے لکھ بھیجا کہ تم رے کو چھوڑ کر میرے پاس چلے آؤ اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ ابو علی رے پر قابض ہو جائے گا تم اس کی پروا نہ کرو۔ چنانچہ رکن الدولہ نے ایسا ہی کیا اور ابو علی نے رے پر قبضہ کر لیا۔ اس کے بعد عماد الدولہ نے [illegible] سے امیر نوح کو لکھ بھیجا کہ میں ابو علی سے ایک لاکھ دینار سالانہ زیادہ خراج دینے پر تیار ہوں اور

---

[1] فضل [illegible]

[2] [illegible]

میں ابو علی کا خراج بطور پیشگی ادا کرتے ہیں۔ امیر نوح نے معز الدولہ کی جب یہ درخواست منظور کر لی تھا اور امیر نوح [illegible] کی جانب سے [illegible] ابو علی کے گرفتار کر لینے کی ترغیب دی تھا۔ آخر امیر نوح [illegible] تیار ہو گئے اور چنانچہ ناصر الدولہ کے پاس سے پیشگی خراج لیے اور خلعت بھجوانے کے لیے روانہ کیا۔ لیکن معز الدولہ نے ان اتفاقات سے بغداد پر قبضہ کر لیا۔

ابو علی اس وقت ہمدان میں تھا۔ [illegible] ہمدان سے خراسان کی جانب روانہ ہوا۔ رکن الدولہ نے رے کی طرف قدم بڑھایا اس سے خراسان میں ایک بڑا طوفان آ گیا اور رکن الدولہ نے امیر نوح کے قاصد [illegible] اثنائے راہ میں ابو علی پہنچا ہے مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں وہ وقت نہ [illegible] کا خراج [illegible] ابو علی کو کہلا بھیجا کہ تم [illegible] میں تمہاری مدد کروں گا۔ امیر نوح اور ابو علی [illegible] قریب میں آ گئے۔ نیشاپور میں ایک دوسرے سے [illegible] امیر نوح کو شکست ہوئی ابو علی نے بخارا پر قبضہ کر لیا اس کے بعد [illegible] ابو علی [illegible] ابراہیم [illegible] اس وقت [illegible] کے چچا ابراہیم سے لڑائی [illegible] ابراہیم گرفتار کر لیا گیا۔ امیر نوح نے اس کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھروا دیں [illegible] ایک [illegible] بھی سزا دی۔ واللہ اعلم۔

محمد بن عبدالرزاق کی بغاوت محمد بن عبدالرزاق طوس اور اس کے صوبوں کا گورنر تھا جس وقت ابو علی نے نیشاپور سے امیر نوح کے خلاف فوج کشی کی تھی اس وقت ابو علی نے محمد بن عبدالرزاق کو نیشاپور کی حکومت پر مامور کیا تھا۔ جب امیر نوح کے قدم حکومت پر جم گئے تو محمد بن عبدالرزاق نے بغاوت کا جھنڈا بلند کر دیا اتفاق یہ ہوا کہ منصور بن قراتکین جرجان سے [illegible] سے شکست کھا کر امیر نوح کی خدمت میں [illegible] چنانچہ [illegible] امیر نوح نے منصور کو ایک بڑی فوج کا افسر بنا کر نیشاپور روانہ کیا [illegible] محمد بن عبدالرزاق کے [illegible] محمد بن عبدالرزاق نے [illegible] ۳۳۵ھ میں نیشاپور چھوڑ کر [illegible] منصور نے اس کے تعاقب میں قدم بڑھایا۔

محمد بن عبدالرزاق کی اطاعت محمد بن عبدالرزاق نے جرجان پہنچ کر رکن الدولہ بن بویہ سے امن حاصل کیا اور رے چلا گیا۔ منصور [illegible] ابن عبدالرزاق کا محاصرہ کر لیا۔ [illegible] منصور نے [illegible] کے تمام مال و اسباب [illegible] پر قبضہ کر لیا۔ اس کے بعد منصور نے قلعہ [illegible] محمد بن عبدالرزاق نے اپنے چچا [illegible] منصور نے اس [illegible] منصور نے قلعہ کے مال و اسباب پر قبضہ کر لیا۔ محمد بن عبدالرزاق کے [illegible] عبدالرزاق جرجان سے رے چلا گیا تھا جس وقت ابن عبدالرزاق رے پہنچا رکن الدولہ نے [illegible] انعامات دیئے۔ [illegible] آذربائیجان کی طرف جانے کا حکم دیا جیسا کہ آئندہ بیان کیا جائے گا۔

رکن الدولہ کا طبرستان اور جرجان پر قبضہ: جس وقت خراسان میں بد نظمی کا سلسلہ شروع ہوا اور انتشار کی کیفیت پیدا ہوئی۔ رکن الدولہ بن بویہ اور حسن بن فیروزان نے جمع ہو کر وشمگیر کے مقبوضات کی طرف قدم بڑھایا۔ چنانچہ ان لوگوں نے وشمگیر کو شکست دی اور رکن الدولہ نے طبرستان پر قبضہ کر لیا اس کے بعد طبرستان سے نکل کر جرجان جا پہنچا اور اس پر بھی قابض ہو گیا۔ حسن بن فیروزان نے عظیم [illegible] فوج سے جرجان میں قیام اختیار کیا۔ وشمگیر کے بیٹے [illegible] نے امن کی درخواست کی رکن الدولہ نے ان لوگوں کو امن دیا۔

منصور بن قراتکین کی جرجان پر فوج کشی: وشمگیر اس سے دل برداشتہ ہو کر خراسان چلا آیا اور [illegible] خراسان سے امداد کی درخواست کی چنانچہ منصور بن قراتکین لشکر خراسان مرتب کر کے وشمگیر کو اپنے ہمراہ لئے ہوئے جرجان کی طرف بڑھا اس وقت جرجان میں حسن بن فیروزان موجود تھا۔ چونکہ منصور کا دل وشمگیر سے صاف نہ تھا اس وجہ سے منصور نے حسن سے جنگ چھیڑنے میں حیلہ و حوالے سے کام لیا۔ [illegible] صلح کر لی اور اس کے بیٹے کو ضمانت کے طور پر [illegible] یہ اس واقعہ کے بعد منصور امیر نوح کی [illegible] منصور [illegible] حسن کے بیٹے [illegible] وشمگیر دوبارہ جرجان میں داخل ہوا۔

سبکتگین کا ہمدان پر قبضہ: ۳۴۵ھ میں منصور بن قراتکین امیر نوح سامانی کے حکم سے رے کی طرف روانہ ہوا چونکہ رکن الدولہ بن بویہ ان دنوں [illegible] فارس میں تھا اس وجہ سے منصور کا مقابلہ [illegible] حلوان تک آ پہنچا۔ سبکتگین اس حالت سے متاثر ہو کر منصور کی روک تھام کے لئے نکلا۔ خراسانی لشکر [illegible] اس وقت [illegible] میں مصروف تھا۔ سبکتگین نے ان کے سرداروں کو گرفتار کر کے بغداد بھیج دیا۔ باقی ماندہ لشکر خراسان سے [illegible] سبکتگین نے بھی تعاقب کیا۔ خراسانی لشکر نے ہمدان کو بھی چھوڑ دیا۔ سبکتگین نے قبضہ کر لیا۔ اس اثناء میں رکن الدولہ بھی آ پہنچا۔ [illegible] ابو الفضل بن العمید [illegible] وزیر [illegible] منصور [illegible] کی طرف بھاگا [illegible] خراسانی لشکر بھاگ نکلا۔ رکن الدولہ نے کامیابی کے ساتھ لشکر خراسان کے اسباب پر قبضہ کر لیا۔

ابو علی کا امارت خراسان پر تقرر: اصفہان سے واپسی کے بعد منصور بن قراتکین [illegible] میں ۳۴۰ھ میں وفات پائی۔ [illegible] امیر نوح نے لشکر خراسان [illegible] کی خدمت پر ابو علی [illegible] کو مامور کیا اور [illegible] کی ہدایت کی۔

چونکہ منصور بن قراتکین لشکر خراسان کے ہاتھوں تنگ آ گیا تھا اس وجہ سے [illegible] گورنری خراسان سے استعفاء دیا کرتا تھا اور امیر نوح [illegible] خراسان پر بھیجنے کا [illegible] جب منصور نے وفات پائی تو امیر نوح نے خلعت

---

۱ چونکہ [illegible]

[illegible]

اور لواء ابوعلی کے پاس روانہ کیا اور خراسان جانے کا حکم دیا اور رے کو بطور جاگیر مرحمت فرمایا۔ چنانچہ ابوعلی ماہ رمضان ۳۴۰ھ میں صغانیاں سے روانہ ہوا اور اپنی جگہ اپنے بیٹے ابومنصور کو قائم مقام مقرر کر گیا اور کوچ و قیام کرتا ہوا مرو پہنچا اور وہیں خوارزم کے معاملات ختم ہونے تک ٹھہرا رہا۔ پھر وہاں سے نیشاپور گیا اور قیام اختیار کیا۔

قلعہ طبرک کا محاصرہ: ۳۴۲ھ میں وشمگیر نے امیر نوح سے خط و کتابت کا سلسلہ جاری کیا اور امداد کی درخواست کی۔ امیر نوح نے ابوعلی کو مع تمام خراسانی افواج کے وشمگیر کے ساتھ رے جانے کے لئے لکھا۔ اس حکم کے مطابق ماہ ربیع الاول سنہ مذکور میں ابوعلی لشکر خراسان لئے ہوئے رے کی جانب رکن الدولہ سے جنگ کے لئے روانہ ہوا۔ رکن الدولہ نے کثرت فوج سے خائف ہو کر مقابلہ نہ کیا قلعہ طبرک میں جا کر قلعہ بندی کر لی۔ ابوعلی کئی مہینے محاصرہ ڈالے ہوئے لڑتا رہا۔ جب وہ اپنی کامیابی کے خیال سے ناامید ہو گیا اور سردی کی شدت سے بہت سے چوپائے ہلاک ہو گئے تو مجبوراً صلح کی طرف مائل ہوا۔ محمد بن عبدالرزاق نے دونوں میں دوڑ دھوپ کر کے مصالحت کرا دی دو ہزار سالانہ خراج رکن الدولہ نے دینا قبول کیا۔ باہم مصالحت ہو گئی ابوعلی لوٹ کر خراسان آیا۔ وشمگیر کو یہ امر ناگوار گزرا۔ امیر نوح کو لکھنا شروع کیا کہ ابوعلی نے جنگ میں تاخیر کی اور رکن الدولہ سے سازش کر لی۔ مصالحت اور ابوعلی کی واپسی کے بعد رکن الدولہ نے وشمگیر کی طرف رخ کیا۔ وشمگیر شکست اٹھا کر اسفرائین چلا گیا۔ رکن الدولہ نے طبرستان پر قبضہ کر لیا۔

ابوعلی کی معزولی: آپ اوپر پڑھ چکے ہیں کہ وشمگیر نے امیر نوح کو ابوعلی کی جانب سے ابھارنا شروع کر دیا تھا۔ رفتہ رفتہ اس کے لگانے بجھانے کا یہ اثر پیدا ہوا کہ امیر نوح نے ۳۴۳ھ میں ابوعلی کو حکومت خراسان سے معزول کا فرمان لکھ بھیجا اور دوسرے سپہ سالاروں کو بھی اس کی اطلاع کی یادداشت روانہ کی اور اس کی جگہ گورنری اور سپہ سالاری پر ابوسعید بکر بن فرغانی کو مامور کیا۔ ابوعلی نے معذرت کی مگر پذیرائی نہ ہوئی نیشاپور کے رؤساء اور اراکین شہر نے ابوعلی کی بحالی و برقراری کی درخواستیں دیں جنہیں منظور نہ کیا۔ یہ حالت دیکھ کر ابوعلی نے اس سے انکار کیا اور علم بغاوت بلند کر کے نیشاپور میں اپنے نام کا خطبہ پڑھا۔ جیسے ہی امیر نوح کو اس کی خبر لگی تو اس نے وشمگیر اور حسن بن فیروزان کو لکھ بھیجا کہ تم دونوں متفق ہو کر ایک دوسرے کے معاون بن کر رکن الدولہ کے مقابلہ پر جاؤ اور جہاں کہیں اس کے امراء اور سرداروں کو پاؤ ان سے جنگ و جدال چھیڑ دو۔ وشمگیر اور حسن نے اس حکم کی نہایت مستعدی سے تعمیل شروع کی۔ ابوعلی کو خطرہ پیدا ہوا۔ اب وہ نہ تو صغانیاں کی طرف لوٹ سکتا تھا اور نہ ان دونوں کی وجہ سے خراسان میں ٹھہر سکتا تھا۔ چاروناچار رکن الدولہ کی طرف مائل ہوا اور اس سے حاضری کی اجازت چاہی۔ رکن الدولہ نے حاضری کی اجازت دے دی۔ ابوعلی ۳۴۳ھ میں رے چلا گیا۔ رکن الدولہ بڑی آؤ بھگت سے ملا اور اپنے پاس ٹھہرایا۔ ابوعلی کی روانگی کے بعد ابوسعید بکر نے خراسان پر قبضہ کر لیا۔

امیر نوح کی وفات: امیر نوح ملقب بہ حمید نے بارہ برس حکومت کر کے ماہ ربیع الآخر ۳۴۳ھ میں سفر آخرت اختیار کیا۔

عبدالملک بن امیر نوح: اس کے مرنے پر اس کا بیٹا عبدالملک تخت حکومت پر متمکن ہوا۔ ابوسعید بکر بن مالک فرغانی نے عنان حکومت اپنے ہاتھ میں لی۔ جب اندرونی اصلاح اور انتظام مملکت سے اطمینان حاصل ہو گیا تو عبدالملک نے ابوسعید بکر کو خراسان جانے کا حکم دیا۔ خراسان میں اس سے اور ابوعلی سے جو واقعات پیش آئے انہیں ہم اوپر تحریر کر آئے ہیں۔

محمد بن ماکان اور ابن عمید کی جنگ: محرم ۳۴۴ھ میں خراسان کے لشکر نے رے کی طرف قدم بڑھایا ان دنوں رے میں رکن الدولہ بن بویہ جرجان سے آکر مقیم ہوا تھا۔ رکن الدولہ نے اس سے مطلع ہو کر اپنے بھائی معز الدولہ سے امداد طلب کی۔ چنانچہ معز الدولہ نے دو ماہ کی مدت بعد بغداد سے ایک فوج اپنے حاجب (ابو [illegible]) سبکتگین کی افسری میں روانہ کی ادھر سامانیہ نے خراسان سے ایک بڑا لشکر محمد بن ماکان کی ماتحتی میں قریب ترین راستے سے اصفہان کی طرف بھیجا۔ اصفہان میں اس وقت ابو منصور علی بن بویہ رکن الدولہ موجود تھا لشکر خراسان کی آمد کی خبر پا کر چپکے سے حرم اور خزانہ لے کر نکل کھڑا ہوا اور خانجان میں جا کر دم لیا۔ محمد بن ماکان نے اصفہان پر قبضہ کر کے ابو منصور کا تعاقب کیا ابو منصور تو ہاتھ نہ آیا خزانہ ہاتھ پڑ گیا اور اس پر قبضہ کر کے آگے بڑھا پھر ابو منصور کو بھی جا گھیرا۔ اتفاق سے اس وقت ابوالفضل ابن عمید (رکن الدولہ کا وزیر) آ پہنچا۔ اپنے ہمراہیوں کو مرتب کر کے محمد بن ماکان کے مقابلہ پر آیا لڑائی ہوئی ابن عمید کے اکثر ہمراہی بھاگ کھڑے ہوئے مگر ابن عمید نے میدان جنگ سے منہ نہ موڑا تا آنکہ محمد بن ماکان کا لشکر فتح یابی کے جوش و مسرت میں [illegible] لوٹ کھسوٹ میں مصروف ہو گیا۔

محمد بن ماکان کی گرفتاری: اس اثناء میں ابن عمید کے پاس تھوڑے آدمی جمع ہو گئے ابن عمید نے ان لوگوں سے مل جا کر ابن عمید نے محمد بن ماکان کے لشکر پر حملہ کیا محمد بن ماکان کی فوج میدان جنگ سے بھاگ کھڑی ہوئی محمد بن ماکان گرفتار کر لیا گیا۔ ابن عمید کامیابی کا جھنڈا اڑاتے ہوئے اصفہان کی طرف آیا اور اس پر قابض ہو گیا۔ رکن الدولہ کی حرم اور اولاد اصفہان میں جس مقام پر تھی وہیں پہنچا دی گئی۔

رکن الدولہ اور بکر بن مالک کے مابین مصالحت: ان واقعات کے بعد رکن الدولہ نے بکر بن مالک سپہ سالار لشکر خراسان کے پاس مصالحت کا پیام بھیجا اور سالانہ مقررہ خراج ادا کرنے پر مصالحت کر لی۔ معز الدولہ بھی اس مصالحت کی رو سے کاربند ہو گیا۔ اس کے بعد دارالخلافت بغداد سے نوح کے لئے خلعت اور خراسان کی گورنری کا جھنڈا روانہ کیا جو ماہ ذی الحجہ ۳۴۴ھ میں خراسان پہنچا۔

ابوالحارث منصور بن نوح: امیر عبدالملک اپنی حکومت کے ساتویں سال گیارہ شوال ۳۵۰ھ میں [illegible] راہی عالم بقا ہوا۔ اس کے بعد اس کے بھائی ابوالحارث منصور بن نوح نے تخت حکومت پر قدم رکھا اس کے ابتدائی زمانہ میں رکن الدولہ نے طبرستان اور جرجان پر قبضہ کر لیا۔ وشمگیر جرجان سے نکل کر بلاد جبل چلا گیا۔

منصور کی خراسان پر فوج کشی: ۳۵۶ھ میں ابو علی بن الیاس والی کرمان وارد ہوا امیر ابوالحارث منصور کی خدمت میں آیا اور بنو بویہ کے مقابلہ پر امداد کی درخواست کی رے کی سرحدی اور شہروں پر قبضہ کرنے کی ترغیب دی امیر منصور نے وشمگیر اور حسن بن فیروزان کو رے کے ارادے سے مطلع کیا اور تیاری کا حکم دیا۔ اس کے بعد ایک فوج مرتب کر کے ابوالحسن محمد بن ابراہیم بن سیمجور دواتی سپہ سالار افواج خراسان کی ماتحتی میں رے کی جانب روانہ کیا اور یہ ہدایت کی کہ تمام کام وشمگیر کی رائے سے کرنا اور وہی میدان جنگ کا سپہ سالار اور امیر لشکر ہوگا۔

وشمگیر کی وفات: رفتہ رفتہ یہ خبر رکن الدولہ تک پہنچی۔ گھبرا گیا۔ اپنے اہل و عیال اور لڑکوں کو اصفہان بھیج دیا اپنے بیٹے

[illegible]

ابو علی بن الیاس [illegible]

الیسع کا کرمان پر قبضہ [illegible]

سلیمان بن ابو علی [illegible]

[illegible]

چنانچہ امیر ابوالحارث نے فوجیں مرتب کر کے [illegible] کی طرف روانہ کیں۔ [illegible] بھیجا کہ آپ ادھر بڑھتے چلے ہیں ابو علی اس کے پاس محبوس رہا۔ یہاں تک کہ ۳۸۷ھ میں مر گیا۔ [illegible]

سلیمان بن ابو علی اور کورکین کی جنگ: [illegible] بھی چلا گیا اور وہیں قید [illegible] ہوا۔ اس کے بعد سلیمان نے امیر ابوالحارث منصور کو [illegible] قبضہ کر لیا اور اس کی [illegible] کا آغاز کرتے ہوئے [illegible] کہ اہل خراسان آپ کے مطیع [illegible] جب [illegible] پہنچیں ان لوگوں نے اطاعت کی تھی۔ امیر ابوالحارث نے ایک فوج سلیمان کے مقابلہ پر خراسان کی طرف روانہ کی [illegible] سلیمان خراسان کے قریب پہنچا [illegible] عراق [illegible] اور [illegible] الدولہ کے [illegible] اطاعت قبول کی اس سے سلیمان کے قدم حکومت پر جم گئے۔ [illegible] خراسان [illegible] الدولہ کی طرف سے خراسان میں رہتا تھا [illegible] روک تھام کے لئے نکلا۔ سلیمان سے اور اس سے معرکہ آرائی ہوئی [illegible] سلیمان کو شکست ہوئی۔ اس کے ساتھ اس کے [illegible] اور بہت سے سرداران لشکر کام آ گئے اور خراسان پر [illegible] قبضہ ہو گیا۔

منصور اور [illegible]: ان واقعات کے [illegible] امیر ابوالحارث منصور بن نوح [illegible] خراسان [illegible] امراء [illegible] میں مخالفت ہو گئی [illegible] نے اپنی [illegible] اس سے [illegible] اور [illegible] تھا [illegible] نہیں ہوتی۔ [illegible] سے [illegible] خراسان [illegible] اور [illegible] نے اپنے اپنے [illegible] لئے۔ اس [illegible] ابو الحسن محمد بن ابراہیم بن [illegible] خراسان سے لڑائی [illegible] امیر ابوالحارث منصور کی طرف سے [illegible] واقعہ [illegible] ہے۔

نوح بن منصور کی امارت: [illegible] امیر ابوالحارث منصور [illegible] نوح [illegible] حکومت پر متمکن ہوا [illegible] ایک [illegible] تھا [illegible] پہنچا تھا [illegible] کے سپرد کیا [illegible] سے [illegible] (ابو [illegible]) [illegible] ہوا۔

[illegible] بن خلف: [illegible] خلف بن احمد [illegible] کے حالات بیان کر چکے ہیں کہ اس نے امیر منصور بن نوح سے [illegible] خلف بن احمد [illegible] کے [illegible] اس نے ۳۸۹ھ میں اس سے بغاوت کی [illegible] چنانچہ امیر منصور نے خلف بن احمد [illegible] اس کی حکومت [illegible] متمکن کیا۔ اس کے بعد جب امیر منصور کے [illegible] خلف نے [illegible] بغاوت [illegible] امیر منصور سے [illegible] امیر منصور نے [illegible] انتقال کر گیا [illegible] امارت [illegible] پر متمکن ہوا خلف نے اس کا محاصرہ کر لیا [illegible] سے [illegible] قائم رہا۔ [illegible] امیر [illegible] منصور [illegible] اور خلف حکومت [illegible] کی [illegible] میں حکومت [illegible] امارت [illegible] کیا۔

قلعہ [illegible] کا محاصرہ: [illegible] خراسان [illegible] میں [illegible] کرنے لگا [illegible] میں [illegible] سے کام [illegible] تب [illegible] بن طاہر [illegible] خلف بن احمد کی سرکوبی کے لئے [illegible]

میں محاصرہ ڈالا ایک بڑی مدت تک یہ محاصرہ ڈالے رہا وزیر السلطنت ابوالحسین نے سپہ سالاروں کی ایک جماعت کو جس میں ابن مالک اور تاش وغیرہ تھے سپہ سالار بنا کے کمک پر بھیجا۔ سات برس تک محاصرہ کا سلسلہ قائم رہا۔ یہاں تک کہ رسد و غلہ اور فوج کا قحط ہو گیا۔

ابن سیمجور کی معزولی: ابن سیمجور ان دنوں خراسان میں تھا چونکہ اس کا زمانہ حکومت بھی طویل ہو گیا تھا اس وجہ سے سلطان کی اطاعت خاطر خواہ نہ کرتا تھا اور خلف بن احمد اس کا دوست و مشیر تھا اسی بناء پر اس پر کچھ خفگی عتاب ہوا اور حکومت خراسان سے معزول کر دیا گیا اس کی جگہ ابوالعباس تاش کو حکمرانی کی سند عطا ہوئی ابن سیمجور معذرت کا عریضہ لکھ کر قہستان چلا گیا اور بہ انتظار جواب وہیں ٹھہرا رہا۔ کچھ عرصہ بعد سجستان جانے کی بابت امیر نوح کا فرمان صادر ہوا چنانچہ ابن سیمجور نے سجستان کو کوچ کیا اور وہاں پہنچ کر خلف بن احمد کو حسین بن طاہر کے محاصرہ سے نکل جانے کا موقع دیا۔ خلف قصر طاق میں جا کر پناہ گزین ہو گیا اور ابن سیمجور کچھ دن بعد امیر نوح کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے وہاں قیام پذیر رہا۔ پھر وہاں سے واپس آیا۔

ابوالعباس تاش کی گورنری: جس وقت امیر نوح نے ابوالعباس تاش کو سپہ سالاری و حکومت خراسان پر مامور کیا اور ابوالعباس تاش نیشاپور میں وارد خراسان ہوا تو فخر الدولہ بن رکن الدولہ اور شمس المعالی قابوس بن وشمگیر سے ملاقات ہوئی یہ لوگ جرجان سے آئے ہوئے تھے ان دونوں کی سرگزشت یہ ہے کہ جس وقت عضد الدولہ نے اپنے بھائی فخر الدولہ کے مقبوضات پر قبضہ کر لیا اور شکست دے دی تب فخر الدولہ شمس المعالی قابوس کے پاس جا کے پناہ گزین ہوا۔ عضد الدولہ نے شمس المعالی کے پاس فخر الدولہ کے واپس بھیجنے کا خط لکھا اور لالچ بھی دیا اور دھمکی بھی دی قابوس نے انکاری جواب دیا۔ عضد الدولہ نے طیش میں آ کر فخر الدولہ کی گرفتاری پر اپنے بھائی مؤید الدولہ کو ایک بڑی فوج کے ساتھ روانہ کیا قابوس مقابلہ پر آیا لیکن شکست اٹھا کر بھاگا اور اپنے کسی قلعہ میں جا کر پناہ گزین ہوا اور جب اس میں بھی پناہ کی صورت نظر نہ آئی تو اپنا مال و اسباب لے کر نیشاپور بھاگ گیا۔ فخر الدولہ بھی میدان جنگ سے اپنی جان بچا کر آ پہنچا دونوں ابوالعباس سے ملے اور اپنی سرگزشت بیان کی۔ ابوالعباس نے ان کی بے حد عزت و توقیر و احترام سے ٹھہرایا چنانچہ ان دونوں نے ابوالعباس کے پاس قیام اختیار کیا اور مؤید الدولہ نے جرجان اور طبرستان پر قبضہ کر لیا۔

ابوالعباس کا محاصرہ جرجان: جب قابوس بن وشمگیر اور فخر الدولہ بن رکن الدولہ ابوالعباس تاش کے پاس آ کر پناہ گزین ہوئے اور جرجان و طبرستان مؤید الدولہ سے واپس لینے کی درخواست کی تو ابوالعباس تاش نے امیر نوح کی خدمت میں اجازت حاصل کرنے کی غرض سے ایک عرض داشت بخارا روانہ کی چنانچہ امیر نوح نے ان دونوں مظلوموں کے ساتھ جانے اور ان کا ملک واپس دلانے کا حکم دیا۔ ابوالعباس تاش نے فوجیں آراستہ کر کے ان دونوں مظلوموں کے ساتھ مؤید الدولہ سے بدلہ لینے کے لئے کوچ کیا۔ منزلیں طے کرتا ہوا جرجان پہنچا اور محاصرہ کر لیا۔ دو مہینہ تک نہایت سختی سے محاصرہ ڈالے رہا۔ مؤید الدولہ نے فائق نامی ایک خراسانی سپہ سالار کو ملا لیا۔ صف آرائی کے وقت اس نے حسب وعدہ اپنا مورچہ چھوڑ دیا اور شکست اٹھا کر بھاگا۔ مؤید الدولہ نے جرجان سے نکل کر حملہ کیا جس سے خراسانی فوج میدان جنگ سے بھاگ کھڑی ہوئی اور شکست کھا کر نیشاپور چلی آئی۔

ابوالحسن عتبی کا قتل: ابوالعباس تاش نے اس شکست کی اطلاع امیر نوح کو بخارا میں دی، امیر نوح نے تسلی دہ فرمان بھیجا اور اپنے تمام ممالک محروسہ میں فراہمی فوج کا ایک گشتی فرمان روانہ کیا کہ چاروں طرف سے فوجیں جمع ہو کر نیشاپور میں حاضر ہوں اور قابوس و فخر الدولہ کا قلع قمع کرنے کے لئے ابوالعباس تاش کے زیر حکومت مؤید الدولہ پر حملہ کریں۔ تھوڑے دنوں میں ایک بڑی فوج جمع ہو گئی۔ اس اثناء میں وزیر السلطنت ابوالحسن عتبی کے قتل کی خبر مشہور ہوئی جس سے وقتی طور پر فوج کی ہمت ٹوٹ گئی کیونکہ عنان حکومت وسلطنت وزیر السلطنت ہی کے قبضہ اقتدار میں تھی۔ یہ واقعہ ۳۷۲ھ کا ہے۔ وزیر السلطنت کے قتل کے بعد امیر نوح کی طلبی پر ابوالعباس تاش نیشاپور کو چھوڑ کر نظام حکومت درست کرنے کی غرض سے بخارا چلا گیا اور جن لوگوں نے وزیر السلطنت کو قتل کیا تھا انہیں گرفتار کر کے قتل کیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ابوالحسن محمد بن ابراہیم بن سیمجور نے چند لوگوں کو وزیر السلطنت کے قتل پر مامور کیا تھا۔

ابوالعباس کی خراسان پر فوج کشی: آپ اوپر پڑھ چکے ہیں کہ ابوالحسن بن سیمجور جس وقت سجستان گیا تھا وہیں مقیم رہا پھر وہاں سے قہستان لوٹ آیا۔ جب ابوالعباس تاش بخارا کی جانب روانہ ہوا تو ابن سیمجور نے فائق کو لکھا کہ آؤ ہم اور تم متفق ہو کر خراسان پر قبضہ کر لیں۔ فائق نے فوراً ہی جواب دیا چنانچہ دونوں نیشاپور میں جمع ہوئے اور خراسان پر قبضہ کر لیا۔ ابوالعباس تاش یہ خبر پا کر فوجیں لے کر ان دونوں پر چڑھ گیا۔ ان دونوں نے گھبرا کر نہایت شرائط کی بنا قرار یہ طے پایا کہ نیشاپور کی حکومت اور سپہ سالاری افواج ابوالعباس تاش کو دی جائے، بلخ فائق کو اور ہرات ابوالحسن بن سیمجور کو۔ اس مصالحت کے بعد تمام فریق اپنے اپنے صوبوں کو واپس ہوئے۔

ابوالعباس کی معزولی: فخر الدولہ بن بویہ ان واقعات کے اثناء میں ابن سیمجور اور فائق کے ساتھ نیشاپور ہی میں مقیم تھا اور اہواز کے انتظار میں ٹھہرا ہوا تھا یہاں تک کہ اس کا بھائی مؤید الدولہ ماہ شعبان ۳۷۳ھ میں مر گیا اور ارکان حکومت نے اسے اس کی حکومت پر بٹھانے کی غرض سے بلا بھیجا۔ اس امر کی تحریک ابن عباد وغیرہ نے کی تھی۔ فخر الدولہ نے نیشاپور سے جرجان کی جانب کوچ کیا اور یہاں پہنچ کر اپنے بھائی کے ملک (جرجان اور طبرستان) پر قبضہ کر لیا اور امیر نوح نے بخارا سے نیشاپور کی جانب ابوالعباس کے روانہ ہونے پر ابوالعباس کی جگہ عہدۂ وزارت پر عبداللہ بن عزیز کو مامور کیا۔ اس سے اور ابوالحسن عتبی سے ان بن کیا بلکہ عداوت تھی۔ عبداللہ نے عہدۂ وزارت کا چارج لینے کے بعد ابوالعباس تاش کو حکومت خراسان سے سبکدوش کر دیا اور ابوالحسن محمد بن ابراہیم کو نیشاپور کی سند حکومت بھیج دی۔

ابوالعباس کی بغاوت: ابوالعباس تاش نے حکومت خراسان سے معزول ہونے کے بعد امیر نوح کی خدمت میں معذرت اور عطف خسروانہ کی عرضداشت روانہ کی۔ امیر نوح نے توجہ نہ فرمائی۔ اس بناء پر ابوالعباس تاش نے علم بغاوت بلند کر دیا اور فخر الدولہ سے ابن سیمجور کے مقابلہ میں امداد کی درخواست کی۔ فخر الدولہ نے فوجی اور مالی امداد دی اور اپنے نامور سپہ سالار ابو محمد عبداللہ بن عبدالرزاق کو اس خدمت پر مامور کیا۔ چنانچہ ابو محمد نے اپنی اور دیلمی فوجوں کے ساتھ نیشاپور میں قدم بڑھایا اور ابن سیمجور نیشاپور میں قلعہ نشین ہو گیا۔ فریق مخالف نے محاصرہ ڈال دیا۔ تھوڑے دن بعد فخر الدولہ نے ایک اور تازہ دم فوج کمک پر بھیج دی۔ ابن سیمجور کا محاصرہ اٹھا کر مقابلہ پر آیا۔ ان لوگوں نے اسے شکست دی اور اس کے تمام مال و اسباب کو لوٹ

نیا ابو العباس نے کامیابی کے ساتھ نیشاپور پر قبضہ کر لیا اور دوبارہ امیر نوح کی خدمت میں خط، خراج اور الطاف شاہی کے حصول کرنے کا عریضہ روانہ کیا مگر وزیر السلطنت عبداللہ بن عزیز نے اس کی معزولی پر زور دیا جس سے دونوں کے دل میں کدورت بدستور باقی رہی۔

ابو العباس کی شکست و فرار: اس شکست کے بعد ابن سیمجور نے اپنی حالت درست کی۔ امراء بخارا اس واقعہ سے مطلع ہو کر ان کی کمک پر آ گئے جس سے اس کی گئی ہوئی قوت پھر عود کر آئی۔ ابن سیمجور نے ابو الفوارس بن عضد الدولہ کو فارس میں امداد کے لئے لکھا چنانچہ شرف الدولہ نے اپنے چچا فخر الدولہ کی عداوت کی وجہ سے دو ہزار سواروں سے اس کی مدد کی لڑائی ہوئی ابو العباس شکست کھا کر فخر الدولہ کے پاس جرجان چلا گیا۔ فخر الدولہ نے اس کی بے حد عزت کی اور اسے جرجان، دہستان اور استرآباد بطور جاگیر دے کر رے کا راستہ لیا اور اس قدر مال و اسباب اور آلات حرب روانہ کئے کہ جس کا شمار نہیں ہو سکتا۔ ابو العباس نے جرجان میں قیام کر کے کچھ عرصہ تک یکسوئی سے اپنی مالی حالت درست کر کے خراسان کی طرف قدم بڑھایا مگر سوء اتفاق سے خراسان تک نہ پہنچ سکا۔ ناکام جرجان واپس آیا تین برس قیام کر کے مر گیا۔

اہل جرجان کی بغاوت: اہل جرجان نے ابو العباس کے اراکین دولت کی اطاعت قبول کی مگر ان لوگوں کی بدخلقی اور ظالمانہ کارروائی کی وجہ سے لڑ پڑے سخت اور خونریز لڑائی ہوئی یہاں تک کہ ابو العباس کے اراکین دولت نے امن کی درخواست کی جب اہل جرجان نے ان کی خونریزی سے اپنا ہاتھ کھینچ لیا تو وہ لوگ متفرق اور منتشر ہو کر ادھر ادھر چلے گئے ان میں سے اکثر نے جن میں ابو العباس کے ممتاز خواص اور غلام تھے خراسان میں جا کر قیام اختیار کیا۔

ابو علی بن ابو الحسن: یہ وہ زمانہ تھا کہ والی خراسان سیمجور مر گیا تھا اس کی جگہ اس کا بیٹا ابو علی حکمرانی کر رہا تھا اس کے بھائیوں نے اس کی حکومت کی اطاعت کر لی تھی۔ ان میں سب سے بڑا ابو العباس تھا البتہ فائق نے حکومت و ریاست کی بابت جھگڑا شروع کیا تھا اسی اثناء میں ابو العباس تاش کے اراکین دولت ابو علی کے پاس گئے جس سے اس کی شان و شوکت بڑھ گئی اور حالت درست ہو گئی۔

ابو علی محمد بن عیسیٰ کی وزارت: آپ اوپر پڑھ چکے ہیں کہ ابو الحسن بن سیمجور، ابو العباس تاش اور فائق نے متفق ہو کر نیشاپور، سپہ سالاری خراسان، حکومت بلخ و ہرات کے حصے بخرے کر لئے تھے اس کے بعد وزیر السلطنت عبداللہ بن عزیز کی تحریک سے ابو العباس تاش کو معزول کر کے اس کی جگہ ابو الحسن کو مامور کیا ان دونوں میں جو واقعات پیش آئے انہیں ہم اوپر تحریر کر چکے ہیں۔ تاش شکست کھا کر جرجان چلا گیا اور ابو علی ہرات میں نہایت استحکام کے ساتھ حکومت کرنے لگا۔ وزیر السلطنت عبداللہ بن عزیز جرجان پر قبضہ کر لینے کی حسن تدبیر سوچ رہا تھا اتفاق سے چند روز بعد وزیر السلطنت ابن عزیز معزول ہو کر خوارزم کی جانب شہر بدر کر دیا گیا اور قلمدان وزارت ابو علی محمد بن عیسیٰ دامغانی کو مرحمت ہوا کیونکہ حکومت کے مصارف بڑھ گئے تھے اور آمدنی کم ہو گئی تھی اسی وجہ سے ابو علی کو عہدہ وزارت کے فرائض کو پورے طور سے ادا نہ کر سکا نتیجہ یہ ہوا کہ معزول کر دیا گیا۔ ابو نصر بن احمد بن محمد ابو زید عہدہ وزارت سے سرفراز ہوا تھوڑے دنوں کے بعد یہ بھی عہدہ سے سبکدوش کر دیا گیا اور ابو علی دامغانی بدستور عہدۂ وزارت پر بحال ہوا اسی اثناء میں ابو الحسن بن سیمجور مر گیا اس کا بیٹا ابو علی اس

کی جمعیت [illegible] تھا۔

ابوعلی محمد اور فائق کی جنگ: ابوعلی نے اپنی حکومت پر قدم جمانے کے بعد امیر نوح بن منصور کی خدمت میں درخواست بھیجی کہ مجھے میرے باپ والی حکومت [illegible] عنایت کی جائے۔ امیر نوح نے [illegible] درخواست کو منظور کر لیا اور [illegible] فائق [illegible] خراسان پر قبضہ [illegible] اس نے ساتھ [illegible] ابوعلی [illegible] نیشاپور کی حکومت [illegible] اس کا اختلاف ہوا تو اس نے بے شمار لشکر جمع کیا اور نہایت تیزی سے فائق پر فوج کشی کر دی [illegible] جنگ کے میدان میں معرکہ آرائی ہوئی میدان ابوعلی کے ہاتھ رہا۔ فائق شکست کھا کر مرو کی طرف چلا گیا۔

ابوعلی بحیثیت گورنر خراسان: ان واقعات کے بعد امیر نوح نے ابوعلی کو [illegible] خراسان کی حکومت [illegible] کی اور عماد الدولہ کا خطاب دیا۔ رفتہ رفتہ امیر نوح کے دربار میں اس کا اثر بڑھ گیا اور اس نے [illegible] پر قبضہ کر لیا اور [illegible] کی [illegible] ایک [illegible] لیا اور حکومت شاہی کے [illegible] سے [illegible]

کی اطاعت [illegible] بھی [illegible] بادشاہ کا [illegible]

شاہ [illegible] کا سلسلہ جاری کیا اور [illegible] [illegible] اسے مستقل طور سے خراسان کی حکومت مل گئی۔

فائق بن ابوالحسن کی پسپائی: فائق ابوعلی سے شکست کھا کر مرو [illegible] اس وقت [illegible] تھا۔ [illegible] کے [illegible] ہو گئے اور اس کے پاس [illegible] کچھ مدت کے بعد جب فائق کی حالت درست ہوئی تو اس نے بخارا [illegible] کی طرف کوچ کیا۔ [illegible] ایک فوج [illegible] صاحب کی ماتحتی میں روانہ [illegible] سے روانہ کی۔ فائق شکست کھا کر [illegible] کے پاس پہنچا اور وہاں چند ایام [illegible] بغراخان سے [illegible] کا سلسلہ جاری کیا اور امیر نوح کے خلاف ابھارنے لگا۔ امیر نوح نے فائق کے بھاگنے کے بعد [illegible] ابوعلی [illegible] فائق کی [illegible] اور [illegible] کے لیے [illegible] [illegible] فائق نے [illegible] امیر نوح [illegible] دونوں لشکروں کا مقابلہ ہوا۔ فائق کا لشکر شکست کھا کر [illegible] کی طرف لوٹ آیا۔

طاہر بن فضل کی شکست و خاتمہ: اسی زمانے میں طاہر بن فضل نے ابوالمظفر محمد بن احمد سے ملک [illegible] چھین لیا تھا۔ ابوالمظفر [illegible] فائق کے پاس پہنچا [illegible] [illegible] کے ابوالمظفر [illegible] کے مقابلہ پر بھیجا۔ [illegible] خونریز جنگ ہوئی طاہر [illegible] میدان جنگ سے بھاگ [illegible] اور طاہر جنگ کے دوران مارا گیا اور ابوالمظفر [illegible] قابض ہو گیا۔

بغراخان ترک کا بخارا پر قبضہ: آپ [illegible] ابوعلی [illegible] بغراخان [illegible] بخارا [illegible] کرنے کی ترغیب دے رہا تھا، چنانچہ [illegible] بغراخان [illegible] کا [illegible] ابن [illegible] کے [illegible]

طرف قدم بڑھا دیے بعد ازاں وہ کسی سبب سے بخارا پر قبضہ کرنے لگا۔ امیر نوح نے اس سے مطلع ہو کر بغراخان کے مقابلہ پر فوجیں روانہ کیں بغراخان نے انہیں شکست دے کر سپہ سالار فائق کو اور دیگر سرداران لشکر کو گرفتار کر لیا اور بخارا کی جانب بڑھا۔ امیر نوح نے ابو علی بن سیمجور اور فائق کو لکھا کہ اپنی افواج کے ساتھ بخارا کو بچانے اور میری حمایت کے لئے آؤ مگر ان دونوں نے کوئی توجہ نہ کی۔ بغراخان کو یکے بعد دیگرے کامیابی ہوئی اور شہروں پر قبضہ کرتا ہوا بخارا کے قریب پہنچا۔ امیر نوح چھپ کر بخارا سے نکلا اور دریا عبور کر کے آمل شط پہنچا۔ ان کے بعد دیگر امراء بھی اس سے آ ملے۔ امیر نوح نے یہاں پر قیام اختیار کیا اور ابو علی و فائق کو اپنی حمایت پر آمادگی کے خطوط بھیجنے لگا۔

بغراخان کی وفات بغراخان نے امیر نوح کے چلے جانے کے بعد بخارا پر قبضہ کر کے وہیں قیام اختیار کیا اتفاق سے ایک سخت بیماری میں مبتلا ہو گیا طبیبوں کی رائے سے بخارا چھوڑ کر وطن کو واپس ہوا۔ امیر نوح یہ خبر پا کر نہایت تیزی سے مسافت طے کر کے بخارا پہنچا۔ اہل بخارا نے اس کی واپسی سے بے حد خوشی منائی۔ امیر نوح نے دوبارہ تخت پر جلوس فرمایا اس مسرت پر دوبالا مسرت یہ ہوئی کہ بغراخان کے مرنے کی خبر بھی آ گئی۔ سارا شہر جشن منانے لگا۔ اہل شہر اور امیر نوح کی خوشی و مسرت کا کیا پوچھنا تھا مارے خوشی کے جامے سے باہر نکلے جاتے تھے۔

ابو علی کو امیر نوح کی واپسی بخارا سے بے حد مسرت نہ ہوئی کیونکہ اس نے امیر نوح کی مدد سے جان چرائی تھی اور نہایت کج ادائی سے پیش آیا تھا۔ فائق کو اپنی قید سے رہائی ملی تو داستان سن کر اپنی ناراضگی امیر نوح کی مخالفت پر کمربستہ ہو کر ابو علی کے پاس چلا گیا اور دونوں حکومت کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے یہ واقعہ ۳۸۳ھ کا ہے۔

سبکتگین کی گورنری جب ابو علی و فائق متفق ہو کر امیر نوح کی مخالفت پر اٹھ کھڑے ہوئے تو امیر نوح نے سبکتگین کو ان واقعات سے مطلع کر کے ان دونوں باغیوں کے مقابلے کے لئے اپنی مدد کو بلا بھیجا۔

سبکتگین امیر نوح کی جانب سے غزنی کا گورنر تھا اور ان دنوں ہندوستان کی مہمات میں مصروف تھا۔ اسی وقت امیر نوح کا فرمان ملا فوراً تمام مہمات موقوف کر کے غزنی لوٹ آیا اور فوراً ہی لشکر کی تیاری میں مصروف ہوا۔ ابو علی اور فائق اس سے مطلع ہو کر فخر الدولہ ابن بویہ سے امداد کی درخواست کی اور اس کے مقابلہ میں اس کے وزیر سلطنت صاحب بن عباد سے بھی اعانت کے خواستگار ہوئے۔ فخر الدولہ نے ان دونوں باغیوں کی کمک پر فوجیں روانہ کیں۔

امیر نوح کا نیشاپور پر قبضہ سبکتگین اور اس کا ہونہار بیٹا محمود فوجیں مرتب کر کے ۳۸۴ھ میں خراسان کی طرف بڑھے۔ امیر نوح بھی یہ خبر پا کر بخارا سے نکلا۔ سبکتگین اور محمود سے ملاقات کی پھر سب کے سب متفق ہو کر ابو علی اور فائق کی گوشمالی کے لئے روانہ ہوئے۔ بمقام ہرات میں معرکہ کارزار گرم ہوا۔ ابو علی اور فائق کے ہمراہ دارا بن شمس المعالی بھی تھا وہ اپنے لشکر کو لے کر امیر نوح کے پاس امان حاصل کر کے چلا آیا۔ ابو علی اور فائق کے ہمراہیوں کے چھکے چھوٹ گئے۔ سبکتگین کے سرداروں نے شکست پر شکست دینا شروع کی۔ ابو علی اور فائق میدان جنگ سے بھاگ کھڑے ہوئے۔ محمود نیشاپور تک تعاقب کرتا چلا گیا۔ جب فائق اور ابو علی کو نیشاپور میں بھی پناہ نہ ملی تو ناکام ہو کر جرجان میں جا کر دم لیا۔ فخر الدولہ سے ملے اور تحائف پیش کئے اپنی مصیبت کی داستان بیان کی۔ فخر الدولہ نے ان دونوں کو جرجان میں ٹھہرایا اور

وظیفہ مقرر کر دیا۔

ابو علی اور فائق کی شکست کے بعد امیر نوح نے کامیابی کے ساتھ نیشاپور پر قبضہ کر لیا۔ نیشاپور کی حکومت اور سپہ سالاری [illegible] خراسان کے عہدہ پر محمود بن سبکتگین کو مقرر کر کے سیف الدولہ کا خطاب مرحمت فرمایا اور اس کے بعد سبکتگین کو ناصر الدولہ کے خطاب سے مخاطب کیا۔ ہرات کی حکومت پر سبکتگین کو اور نیشاپور کی گورنری پر محمود کو مامور کر کے بخارا کی جانب واپس ہوا۔

ابو علی اور محمود بن سبکتگین کی جنگ: جونہی امیر نوح اور سبکتگین ایک دوسرے سے جدا ہو کر بخارا اور ہرات کی طرف روانہ ہوئے ابو علی اور فائق کو خراسان کی حکومت کا پھر لالچ پیدا ہوا۔ چنانچہ ان دونوں نے فوجیں آراستہ کر کے ماہ ربیع الاول ۳۸۵ھ میں جرجان سے نیشاپور کی طرف قدم بڑھایا۔ محمود ابن سبکتگین ان دونوں سے مقابلہ پر نکلا۔ نیشاپور کے باہر [illegible] نے صف آرائی کی۔ ابو علی اور فائق [illegible] سبکتگین کی امداد [illegible] کی [illegible] شکست کھا کر اپنے باپ کے پاس بھاگ گیا [illegible] ابو علی نے نیشاپور [illegible] ابو علی سے [illegible] کی [illegible] سے [illegible] تھا۔ چنانچہ [illegible] سبکتگین کے مقابلہ میں ہوئی تو اس سے [illegible] ابو علی اور فائق نے [illegible] امیر نوح سے [illegible] کیا۔

معرکہ طوس: سبکتگین نے [illegible] بیٹے محمود کی شکست اور ابو علی کے قبضہ [illegible] فوراً [illegible] ابو علی [illegible] سبکتگین کی [illegible] کے بعد [illegible] ابو علی اور فائق شکست کھا کر [illegible] کی جانب بھاگے۔ سبکتگین نے اپنے بیٹے محمود کو نیشاپور کی حکومت پر مامور کر کے ابو علی اور فائق کا تعاقب کیا۔ ابو علی اور فائق نے جب وہاں بھی پناہ کی صورت نہ دیکھی [illegible] اور دونوں نے متفق ہو کر امیر نوح کی خدمت میں [illegible] معافی حاصل کرنے کے لئے عریضہ روانہ کیا۔ امیر نوح نے ابو علی [illegible] جا کر قیام کرو۔ [illegible] کی جانب روانہ ہوا۔ خوارزم کے قریب پہنچ کر ایک گاؤں میں مقیم ہوا۔

ابو علی اور خوارزم: ابو عبداللہ خوارزم شاہ [illegible] ابو علی کی آمد کی خبر سن کر [illegible] اپنے [illegible] لے کر [illegible] شب [illegible] ابو علی کو [illegible] گرفتار کر کے قید کر دیا۔ [illegible] مامون [illegible] خوارزم شاہ [illegible] شروع کر دی۔ مقام کاث میں خوارزم شاہ سے مقابلہ ہوا [illegible] شکست ہوئی۔ مامون نے [illegible] پر قبضہ کر کے خوارزم شاہ کو [illegible] ابو علی [illegible] قید سے نجات ملی۔ [illegible] کی جانب [illegible] خوارزم [illegible]

ابو علی کی گرفتاری و قتل: مامون [illegible] خوارزم شاہ کے [illegible]

میں پیش کیا گیا تو بوعلی کے روبرو اسے قتل کروا دیا۔ اس کے بعد امیر نوح کو ابوعلی کی سفارش لکھی۔ امیر نوح نے ماموں کی سفارش پر ابوعلی کو بخارا میں بلا بھیجا۔ چنانچہ بوعلی تذبذب سے بخارا کی جانب روانہ ہوا۔ شاہی امراء اور فوج سلطانی نے استقبال کیا مگر جونہی دربار شاہی میں داخل ہوا امیر نوح نے گرفتاری کا حکم دیا جس کی فوراً تعمیل کی گئی۔

کسی ذریعے سے سبکتگین کو یہ معلوم ہو گیا کہ ابن عزیز وزیر سلطنت ابوعلی کی رہائی کی فکر میں ہے اور امیر نوح سے کہ سفارش کر کے اسے قید سے رہا کرانا چاہتا ہے اس لئے سبکتگین نے امیر نوح کی خدمت میں اپنا سفیر بھیج کر ابوعلی کو اپنے پاس بلا لیا اور قید کر دیا۔ چنانچہ اسی حالت میں ۳۸۷ھ کا دور پورا ہوتے ہی ابوعلی کا انتقال ہو گیا۔ باقی رہا اس کا بیٹا ابوالحسن وہ فخر الدولہ بن بویہ کے پاس بھاگ گیا اور وہیں تمام عمر پڑا رہا۔

ابوعلی کی مفارقت کے بعد فائق نے کاشغر کا راستہ اختیار کیا۔ ایلک خان بادشاہ ترک بہ عزت و احترام پیش آیا۔ امیر نوح کو اس کی عفو تقصیر کی سفارش کی۔ امیر نوح نے ایلک خان کی خاطر فائق کی تقصیر معاف کر دی اور سمرقند کی حکومت پر مامور کر دیا۔

سلطان محمود کا غرجستان پر قبضہ۔ اس کے بعد سلطان محمود نے محمد بن ابی نصر کو [illegible] کا [illegible] کی [illegible] سلطان محمود [illegible] ایک بڑی فوج محمد بن ابی نصر [illegible] روانہ کی۔ [illegible] کے پیچھے [illegible] ابو الحسن [illegible] اس وجہ سے [illegible] سلطان [illegible] حاصل کر [illegible] چنانچہ [illegible] ابو نصر کے ساتھ [illegible] تھا [illegible] ابو نصر [illegible] خدمت کے [illegible] تک قاصر رہے [illegible] کر کے [illegible] کر دیا اور [illegible] کر لیا گیا [illegible] حکومت [illegible] کئے گئے۔ اس [illegible] غزنی [illegible] نے ۴۰۶ھ میں وفات پائی۔

طغان خان اور سلطان محمود کی مصالحت۔ ایلک خان ترکستان کی شکست کے بعد سلطان محمود کی [illegible] [illegible] تھا [illegible] سلطان محمود سے [illegible] کی شکست کا

بدلہ لینا چاہیے مگر اس کا بھائی طغان خان اس کے اس فعل سے بے حد ناراض اور بیزار تھا اس نے سلطان محمود کی خدمت میں معذرت کا پیغام بھیجا اور اپنے بھائی کے افعال سے بیزاری کا اظہار کر کے مصالحت کی درخواست کی ایلک خان یہ سن کر آگ بگولا ہو گیا۔ فوجیں آراستہ کر کے طغان خان پر حملہ کر دیا۔ مگر پھر مصالحت ہو گئی۔ اس کے بعد ایلک خان کا ۴۰۳ھ میں انتقال ہو گیا۔ اس کی جگہ اس کا بھائی طغان خان تخت آرائے حکومت ہوا طغان خان نے سلطان محمود سے نامہ و پیام کر کے مصالحت کر لی اور یہ کہلا بھیجا کہ آپ ہندوستان کے جہاد میں بہ شوق تمام مصروف رہیں میں ترکوں کی طرف جہاد کے لئے بڑھتا ہوں۔ سلطان محمود نے بطیب خاطر اس مراسلہ کو قبولیت کا درجہ عنایت کی۔ اسی زمانہ سے شر و فساد کا دور دورہ ختم ہو گیا اور امن و امان قائم ہو گیا۔

اس کے بعد ترکوں کا ہجوم کثیر چین کی طرف سے طغان خان کے علاقے پر حملہ کرنے کے لئے نکلا اس گروہ کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ اس کے ساتھ تین لاکھ خیمے تھے مسلمانوں کو اس سے بے حد خطرہ پیدا ہوا۔ طغان خان یہ خبر پا کر ایک لاکھ جمعیت سے مقابلہ پر آیا۔ فریقین خوب ڈٹ کر لڑے آخر الامر طغان خان نے لشکر کفار کو شکست دی تقریباً ایک لاکھ کفار کو تہ تیغ کیا اور اسی قدر گرفتار کر لیا۔ باقی ماندہ بادل ناخواستہ شکست اٹھا کر اپنے ملک کو واپس ہوئے۔

اس کے بعد ہی طغان خان کا انتقال ہو گیا اس کی جگہ اس کا بھائی ارسلان خان ۴۰۸ھ میں حکمران ہوا اس سے اور سلطان محمود سے رسم اتحاد اس درجہ بڑھی کہ ارسلان خان نے اپنی بیٹی کی سلطان محمود کے بیٹے مسعود سے منگنی کی درخواست کی سلطان محمود نے اس درخواست کو منظور فرمایا اور عقد کر کے اپنے بیٹے کو ہرات کی گورنری مرحمت فرمائی اور ۴۰۸ھ میں سلطان مسعود نے ہرات کی طرف کوچ کیا۔

فتح تاردین: موسم سرما ختم ہونے پر ۴۰۴ھ میں محمود نے ہندوستان پر جہاد کرنے کی غرض سے اپنی فوج ظفر موج کو تیاری کا حکم دیا چنانچہ سامان جنگ درست کر کے غزنی سے کوچ کیا حدود ہندوستان میں داخل ہو کر دو مہینہ کی مسافت کے شہروں کو فتح کرتا چلا گیا۔ ہندو راجگان ان فتوحات سے متاثر ہو کر یک جا ہو گئے اور متفق ہو کر مقابلہ پر آئے مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے سلطان محمود کو اس معرکہ میں بھی کامیابی عنایت کی۔ تاردین فتح ہو گیا۔ بے حد مال غنیمت ہاتھ آیا۔ ہزاروں کفار قید کر لئے گئے۔ اس شہر کے بت خانے میں ایک پتھر دستیاب ہوا جس پر بخط ہندی کچھ تحریر تھا۔ مترجموں نے گزارش کی کہ اس بت خانہ کو بنے ہوئے چالیس ہزار سال گزر چکے ہیں۔ سلطان محمود نے اس فتحیابی کے بعد دارالسلطنت غزنی کی جانب کوچ کیا۔ دارالحکومت میں پہنچ کر خلیفہ قادر باللہ کی خدمت میں درخواست کی کہ مجھے خراسان اور ان ممالک کی سند حکومت عطا ہو جو اس وقت میرے دائرہ حکومت میں ہیں۔

تھانیسر پر حملہ: تھانیسر کا راجہ نہایت متعصب شخص تھا کفر و ضلالت میں اپنی نظیر نہ رکھتا تھا یہاں پر ایک بت خانہ تھا جسے ہنود (نعوذ باللہ) مکہ کا قائم مقام سمجھتے تھے۔ سلطان محمود اس خبر کو سن کر اٹھ کھڑا ہوا۔ فوجیں آراستہ کر کے دارالحکومت غزنی سے تھانیسر کی جانب روانہ ہوا۔ اثنائے راہ میں بڑے بڑے مصائب کا سامنا پڑا۔ بڑی بڑی گہری وادیاں ملیں جوں توں انہیں عبور کیا تو ایک نہر آڑے آ گئی نہر کے کنارے پر ایک سر بفلک پہاڑ کھڑا ہوا تھا۔ نہر کا پاٹ اس مقام پر ایسا تنگ اور گہرا ہو گیا تھا کہ چند لوگ بھی پہاڑ کی چوٹی سے ایک بڑے لشکر کو دریا عبور کرنے سے روک سکتے تھے۔ لشکر ظفر پیکر کی آمد کی خبر سن کر

گرد نواح کے کفار پہاڑ کی چوٹی پر مرتب ہو گئے اور شاہی لشکر کو دریا عبور کرنے سے روکنا چاہا۔ سلطان محمود نے اپنی فوج کو تیر اندازی کا حکم دیا جس سے مقابلہ کرنے والے مصروف پیکار ہو گئے اور شاہی لشکر کا کثیر حصہ بآسانی تمام نہر عبور کر گیا۔ کفار یہ کیفیت دیکھ کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ لشکر اسلام نے تلواریں نیاموں سے کھینچ لیں۔ ہنگامہ قتل و غارت شروع ہو گیا۔ دشمن کمال بے سرو سامانی سے بھاگ نکلا۔ سلطان نے شہر پر قبضہ کر لیا۔ بے حد مال غنیمت ہاتھ آیا۔ سلطان محمود فتحیابی کے ساتھ غزنی کی جانب واپس ہوا۔

اس کے بعد سلطان محمود نے سال آئندہ حسب دستور ہندوستان پر جہاد کیا۔ راہبروں نے راستہ بھلا دیا۔ شاہی لشکر بہت بڑی دلدل میں پڑ گیا جس سے لشکر کا کثیر حصہ غرق ہو گیا۔ خود سلطان محمود بھی پانی میں پھنس گیا بہزار خرابی و دقت اس پانی سے نجات پائی۔ اللہ اللہ کر کے خراسان کی جانب واپس ہوا۔

سلطان محمود اور ابو العباس مامون بن محمد: ابو العباس مامون بن محمد کے قبضہ اقتدار میں خوارزم اور جرجانیہ کی عنان حکومت تھی۔ جن دنوں امیر نوح آمل میں تھا اس کے خاص حاشیہ نشینوں میں تھا جیسا کہ آپ اوپر پڑھ چکے ہیں۔ امیر نوح نے نسا کو اس کی حکومت میں ملحق کرنا چاہا لیکن اس وجہ سے کہ اس کے اور ابو علی بن سیمجور میں باہم رشتہ تھا۔ اس لئے اس نے شاہانہ عطیہ کو قبول نہ کیا۔ پھر اس کے بعد وہ واقعات جو ابو علی بن سیمجور کے ساتھ پیش آئے تھے۔ جسے ہم اوپر بیان کر چکے ہیں رفتہ رفتہ تمام مملکت خوارزم اس کے قبضہ میں آ گئی اس کے بعد مر گیا۔ اس کی جگہ ابو الحسن علی متمکن ہوا۔ جب یہ بھی راہ گزار عدم ہوا تو اس کی جگہ اس کا بیٹا مامون تخت آرائے حکومت ہوا۔ اس نے سلطان محمود سے دوستی کا رشتہ قائم کیا اپنی بہن کو سلطان کے نکاح میں دے دیا۔ جس سے دونوں میں تعلقات مستحکم ہو گئے یہاں تک کہ اس نے وفات پائی تب اس کی جگہ ابو العباس مامون نے عنان فرمانروائی اپنے ہاتھ میں لی۔ اس نے سلطان کے پاس سلطان کی بہن سے عقد کا پیغام بھیجا۔ سلطان نے منظور کر لیا اور عقد کر دیا۔

ابو العباس کا قتل: جب سلطان محمود نے ابو العباس کے پاس سفارت بھیجی کہ تم میری حکومت کی اطاعت قبول کر لو اور میرے نام کا خطبہ اپنی جامع مسجدوں کے منبروں پر پڑھاؤ۔ ابو العباس کے مشیروں نے اس سے اختلاف کیا اور کھلم کھلا کہہ دیا کہ اگر تم یمین الدولہ سلطان محمود کی اطاعت قبول کر لو گے تو ہم لوگ آپ کی اطاعت سے منحرف ہو جائیں گے اور حکومت کا ساتھ نہ دیں گے ابو العباس یہ سن کر خاموش ہو گیا۔ سلطان محمود کی سفارت واپس آ گئی مگر ان بدبختوں نے ابو العباس کو دھوکا دے کر مار ڈالا اور اس کے بیٹے داؤد کی حکومت کی بیعت کر لی۔ پھر ان لوگوں کو اس معاملہ سے سلطان محمود کا خوف پیدا ہوا آپس میں مشورہ کر کے مخالفت پر تل گئے۔

تگین بخاری کا قتل: تگین بخاری ان لوگوں کا پیشوا تھا۔ سلطان محمود کو ان واقعات سے آگاہی ہوئی تو وہ لشکر آراستہ کر کے ان لوگوں کے سر پر آ پہنچا۔ سلطان محمود کے لشکر کے مقدمۃ الجیش کا افسر اعلیٰ محمد بن ابراہیم طائی تھا اس نے پہنچتے ہی لڑائی چھیڑ دی یہاں تک کہ سلطان محمود بھی اپنی تازہ دم فوج کے ساتھ پہنچ گیا اور نہایت مردانگی سے دشمن کو شکست دی۔ قتل و غارت گری کا ہنگامہ شدت سے شروع ہو گیا تگین بخاری کشتی پر سوار ہو کر بھاگا ملاحوں نے دھوکا دیا اور سلطان محمود کے پاس لا کر حاضر کر دیا۔

سلطان محمود نے اسے اور چند سپہ سالاروں کے ساتھ محصور کر لیا [illegible] نے ان کو قتل یا قید کر لینے کا حکم دیا [illegible] کی قیمت [illegible] باقی مال و دولت غزنی بھیج دی۔ پھر محمود نے ان قیدیوں کو ہندوستان کی طرف اپنی فوج کے ہمراہ بھیج دیا اور سرحدی شہروں میں حفاظت کی غرض سے ٹھہرایا اور ان کے وظائف [illegible] مقرر کر دیے۔ اس انتظام کے بعد خوارزم کی حکومت پر حاجب التونتاش کو مقرر کر کے غزنی کی جانب واپس ہوا۔

کشمیر پر فوج کشی۔ سلطان محمود خوارزم سے فارغ ہو کر غزنی آیا اور کچھ عرصہ غزنی میں رہ کر [illegible] ۴۰۷ھ [illegible] وہ وہاں کے انتظام سے فراغت حاصل کر کے پھر غزنی واپس آیا۔ [illegible] ہندوستان کی طرف توجہ [illegible] میں جہاد کی غرض [illegible] ہندوستان [illegible] کے تمام علاقے [illegible] میں داخل ہو گئے تھے صرف کشمیر کا حصہ باقی رہ گیا تھا۔ وہاں کی زمین کو مجاہدین اسلام کے گھوڑوں کی ٹاپوں سے روندے جانے کا شرف حاصل نہیں ہوا تھا۔ [illegible] اور خراسان وغیرہ سے بیس ہزار [illegible] جمع ہو گئے تھے جن میں [illegible] بھی تھے [illegible] جنگ آزما بھی تھے۔ سلطان نے ان کو ساتھ لے کر ہندوستان کی جانب [illegible] کشمیر [illegible] سلطان محمود [illegible] کی جانب چلا۔

راجہ ہردت کا قبول اسلام۔ اثناء راہ میں جتنے جتنے مقامات ملے گئے سب کے سب فتوحات سلطانی میں داخل ہوتے گئے یہاں تک کہ راجہ ہردت[1] کے قلعہ کے قریب پہنچا۔ راجہ ہردت نے [illegible] اسلام قبول کیا اور مطیع ہو گیا۔ سلطان محمود نے یہاں سے کوچ کر کے راجہ کل چند (کلچند) کے قلعہ مہاون پر حملہ کیا۔ راجہ کلچند (کل چند) اس سے [illegible] مقابلہ ہوا مگر پہلے ہی حملہ میں شکست کھا کر بھاگا آگے دریا حائل ہو گیا [illegible] کوئی [illegible] آدمی [illegible] مارے گئے بہت سا مال غنیمت ہاتھ آیا جس میں [illegible] ہاتھی اور قیمتی اسباب تھے۔

فتح متھرا۔ سلطان محمود ان مہمات سے فارغ ہو کر متھرا کے مندروں کے لئے متوجہ ہوا چونکہ متھرا [illegible] تھا [illegible] کسی نے مقابلہ نہ کیا۔ سلطان محمود نے پہنچتے ہی قبضہ کر لیا۔ یہ شہر نہایت آباد اور پر رونق [illegible] اس شہر کی تمام عمارتیں سنگی تھیں۔ شہر پناہ کے دروازے دریا کی طرف تھے۔ شہر ایک بلند مقام پر آباد تھا [illegible] بت [illegible] کے لئے [illegible] مکانات [illegible] سونے کے پائے گئے [illegible] ان کی آنکھوں میں یاقوت [illegible] جن کی قیمت [illegible] ہزار تھی اور ایک بت [illegible] میں یاقوت ارزق (نیلم) کے ٹکڑے جڑے ہوئے تھے جن کا وزن چار سو مثقال تھا اور جب اس بت کو توڑا تو اس کے صرف پاؤں سے چار لاکھ چار سو مثقال سونا برآمد ہوا [illegible] وغیرہ [illegible] سو بت چاندی کے [illegible] اونٹوں کا تھا۔ سلطان نے ان [illegible]

---

[1] راجہ ہردت قلعہ [illegible] کا والی تھا۔

بت خانوں کو گروا کر زمین کے برابر کر دیا۔

قنوج کی فتح: متھرا سے فارغ ہو کر سلطان نے قنوج کا ارادہ کیا۔ اثنائے راہ میں جتنے قلعے ملے سب کو ویران اور مسمار کرتا ہوا ۸ شعبان ۴۰۹ھ میں قنوج پہنچا۔ راجہ راج پال والی قنوج سلطان کی آمد کی خبر سن کر قنوج کو خیر باد کہہ کر دریائے گنگا عبور کر گیا۔ گنگا ہندوؤں کے مذہب کے مطابق نہایت متبرک دریا ہے۔ اپنے مردوں کو جلا کر ان کی راکھ نجات کے خیال سے اس میں ڈالتے ہیں اور اس میں غوطہ لگانے کو باعث نجات سمجھتے ہیں۔

قنوج ایک ایسا مقام تھا جس کی نسبت ہندو یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ کوئی غیر ہندو اسے فتح نہ کر سکے گا۔ اس میں سات قلعے تھے جو لب دریا سر بفلک نہایت مضبوط بنے ہوئے تھے۔ خاص شہر میں دس بت خانے تھے۔ ہندوؤں کا یہ عقیدہ اور گمان تھا کہ ان کی تعمیر کو دو لاکھ یا تین لاکھ سال ہو چکے اور اس زمانے سے برابر ان کی پرستش چلی آتی ہے۔ جس وقت سلطان محمود قنوج کے قریب پہنچا اہل قنوج نے شہر چھوڑ دیا۔ سلطان محمود نے گویا ایک ہی روز میں قنوج کو اپنے علم حکومت کے سایہ میں لے لیا۔

قلعہ براہمہ کی فتح: اس کے بعد سلطان محمود کا لشکر قلعہ منج کی طرف بڑھا جسے اس زمانے میں قلعہ براہمہ کہا جاتا تھا۔ اہل قلعہ چند روز تک لڑتے رہے۔ جب انہیں اس امر کا احساس ہو گیا کہ سلطانی حملوں سے جانبری محال ہے تو ان میں سے اکثر نے اپنے کو بلندی قلعہ سے گرا کر ہلاک کر ڈالا۔ بہت سوں نے اپنے آپ کو بیوی بچوں سمیت جلتی ہوئی آگ میں ڈال دیا اور بعضوں نے اپنے ہاتھ سے اپنا سینہ چاک کر ڈالا۔ باقی ماندہ گرفتار کر لیے گئے۔ سلطانی لشکر نے قلعہ پر قبضہ کر لیا اور اس کے برجوں پر کامیابی کا جھنڈا گاڑ دیا۔ اس قلعہ کے قریب راجہ چندپال کا قلعہ تھا۔ سلطان محمود نے اس پر بھی دھاوے کا حکم دیا۔ چندپال یہ خبر پا کر بھاگ گیا۔ شاہی لشکر نے قلعہ میں داخل ہو کر مال و اسباب لوٹ لیا اور قلعہ کو ویران و خراب کر دیا۔

راجہ چندرائے کا فرار: راجہ چندپال کے معرکے سے فارغ ہو کر مرکب ہمایوں راجہ چندرائے کی سرکوبی کے لیے بڑھا۔ یہ راجگان ہند میں ممتاز شخصیت کا مالک تھا اور اس کا قلعہ بھی مضبوط قلعوں میں شمار کیا جاتا تھا۔ راجہ جے پال جو ہندوستان کا اپنی دولت کے لحاظ سے بادشاہ اعظم کہے جانے کا مستحق تھا مدتوں سے چندرائے کو اپنی حکومت کا مطیع بنانا چاہتا تھا لیکن چندرائے برابر انکار کرتا تھا۔ اس موقع پر چندرائے نے بمصلحت وقت اطاعت قبول کرنے پر آمادگی ظاہر کی کیونکہ یہ وقت ایسا آ گیا تھا کہ راجہ جے پال اپنے آپ کو سنبھال نہ سکتا تھا، چندرائے کی کیا مدد کرتا، جب قنوج بدولت لشکر اسلام کے ہاتھوں سے اپنے آپ کو صاف بچا لے گیا۔ چندرائے نے ابتداً شاہی لشکر کی مدافعت کی کوشش کی اور اس بھروسہ کہ میرا قلعہ نہایت مضبوط ہے کوئی شخص قبضہ نہ کر سکے گا مقابلہ پر آیا، بھیم پال نے دوستانہ سمجھایا اور لشکر اسلام سے مقابلہ کی ممانعت کی۔ چندرائے پر کچھ ایسا رعب طاری ہو گیا کہ وہ راتوں رات مع تمام مددگار قلعہ چھوڑ کر پہاڑوں پر چڑھ گئے جو اس قلعہ کی پشت پر واقع تھے۔

مال غنیمت: سلطان محمود نے قلعہ میں داخل ہو کر مال غنیمت جمع کرنے کا حکم دیا اور خود ایک دستہ فوج لے کر چندرائے کے تعاقب میں قتل و غارت کرتا ہوا روانہ ہوا۔ ہزارہا کفار لشکر اسلام کی تلوار آب دار کی نذر ہو گئے اور ہزارہا گرفتار کر لیے گئے۔ مال غنیمت کی تعداد تین لاکھ دینار سرخ اور تین لاکھ درہم تک پہنچ گئی تھی۔ اس کے علاوہ بے شمار جواہرات اور یاقوت ہاتھ آئے۔

---

۱ دولت و وسعت ملک کے لحاظ سے مراد ہے جیسا کہ ۲۸۲ سے ظاہر ہے۔

تبدیلیاں کی گئیں [illegible] غزنی میں ایک ایک غلام [illegible] فروخت ہوئے۔ [illegible] ایک ہاتھی ہندوستان میں مشہور [illegible] سلطان محمود نے [illegible] کا نام خداداد رکھا۔

جامع مسجد کی تعمیر سلطان محمود کو [illegible] غزنی کی جانب [illegible] سلطان محمود نے ایک بہت عظیم الشان مسجد [illegible] سنگ مرمر اور [illegible] کی بنیاد [illegible] در و دیوار پر [illegible] کے علاوہ [illegible] مکانات [illegible] اور مقابلہ میں مدرسہ اور کتب خانہ قائم کیا [illegible] کتابیں [illegible] کے لئے وظائف [illegible] سلطنت نے [illegible] عمارت [illegible] غزنی [illegible] کی شان [illegible] رہتے تھے۔

راجہ پتھورا [illegible] سلطان محمد غوری [illegible] غزنی کے بعد ہندوستان [illegible] قلعہ [illegible] فوجیں [illegible] ہندوستان پر حملہ کیا۔

راجہ جے چند کا خاتمہ [illegible] سلطان محمد [illegible] شہروں کی طرف قدم بڑھایا [illegible] راجہ جے چند [illegible] شکست [illegible] سلطان محمد [illegible] راجہ جے چند [illegible]

شہر دہلی پر قبضہ سلطان محمد غوری [illegible] قطب الدین ایبک [illegible] شہر دہلی کی طرف [illegible] ہندوستان کا [illegible]

تھے مگر سب حمایتیوں کی آمد کی خبر پا کر شہر چھوڑ کر بھاگ گئے تھے۔ سلطان محمود نے نگری کو اس کے محافظوں سے خالی پایا۔ مصلحت وقت کے لحاظ سے حکم دیا کہ زمین کے برابر کر دیا جائے۔ دو قلعے اس کے قریب دیوار میں اور بھی تھے ان لوگوں نے خفیف سے مقابلہ کیا مگر ناکام رہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ہزاروں مارے گئے اور سلطانی حکومت کا پھریرا ان کے برجوں پر کامیابی کے ساتھ لہرانے لگا۔

سلطان محمود اور راجہ نندا کی جنگ نندا (راجہ کالنجر) کو اس زمانے میں اچھا موقع ہاتھ آیا تھا۔ ایک مقام پر جا کر قلعہ بندی کر لی تھی۔ اس مقام کو اس نے محمود کے خوف سے محفوظ کر لیا تھا۔ چاروں طرف ایک گہری نہر کھدوا کر پانی بھروا دیا تھا۔ کئی سو دلدل کی صورت میں پھیلا ہوا تھا جس میں چھتیس ہزار سوار ایک لاکھ دس ہزار پیادے اور سات سو پچاس زنجیر فیل اس کی رکاب میں تھے۔ قصہ مختصر پہنچ کر سلطان محمود نے ایک سرسری نظر سے دیکھا اور لشکر کو اس کے مقابلہ پر ایک ٹیلہ پر قیام کا حکم دیا۔ اگلے دن سلطان نے حملہ کا حکم دیا۔ نندا نے قلعہ سے نکل کر مقابلہ پر صف آرائی کی۔ تمام دن شدت سے جنگ جاری رہی۔ یہاں تک کہ رات کی تاریکی نے فریقین کو جنگ روک دینے پر مجبور کر دیا۔ اس جنگ سے نندا پر کچھ ایسا رعب طاری غالب ہوا کہ اپنا سارا زر و اسباب اور سامان سب چھوڑ کر رات سے پیشتر ہی بھاگ گیا۔ لشکر اسلام نے اسے لوٹ لیا اور اس کے تعاقب میں نکلے۔ مرغ گاہ کے قریب ایک جنگل میں جا کر گھیر لیا۔ پھر یہاں خونریز ہنگامہ کارزار گرم ہوا یہاں تک کہ بے شمار جنگلوں کو گرفتار کر لیا۔ نندا بد ہزار خرابی اپنی جان بچا کر بھاگ گیا۔ سلطان فتح مندی کے ساتھ دارالحکومت غزنی کی جانب واپس ہوا۔

سومنات کا مندر سومنات کا مندر ہندوؤں کا بہت بڑا بت خانہ تھا۔ ہندوستان کے تمام بت خانوں سے زیادہ محترم اور مقدس سمجھا جاتا تھا۔ یہ بت خانہ ایک مضبوط قلعہ میں جو سمندر کے کنارے پر واقع ہوا تھا۔ سمندر کی لہریں مد و جزر کے وقت (جوار بھاٹا) بت خانے تک آیا کرتی تھیں۔ ہندوؤں کا عقیدہ تھا کہ سمندر اس بت کے قدم چومنے کے لئے آتا ہے۔

بت خانہ کی عمارت نہایت عظیم الشان اور وسیع تھی چھپن مرصع ستونوں پر عمارت قائم تھی۔ بت کا سر پتھر کا تراش کر بنایا گیا تھا جس کی لمبائی پانچ گز تھی دو گز زمین میں گڑا ہوا تھا اور تین گز باہر تھا۔ اس بت کی کوئی خاص صورت نہ تھی بت خانہ ایک تاریک مقام میں تھا قندیلوں میں جواہرات جڑے تھے جس سے روشن رہتا تھا۔ بت کے قریب طلائی زنجیر میں ایک سو من وزن کا گھنٹہ لٹکا ہوا تھا۔ جو اوقات مقررہ پر شب کے وقت بجایا جاتا تھا۔ اس کی آواز سے پوجاری برہمن بتوں کی عبادت کے لئے آتے تھے۔ اس بڑے بت کے پاس بہت سے سونے چاندی کے بت رکھے ہوئے تھے بت کدہ کے دروازے پر زربفت کے پردے پڑے ہوتے تھے جن کی جھالروں میں موتی اور جواہر لٹکے ہوتے تھے ان میں سے ہر ایک کی قیمت تخمیناً ہزار دینار تھی۔ جس شب میں خسوف قمر (چاند گرہن) ہوتا تھا تمام ہندوستان کے ہندو سومنات کی زیارت کو آتے تھے اور ایک ہجوم جمع ہو جاتا تھا جن کا شمار نہیں ہو سکتا تھا۔

سومنات کے متعلق ہندوؤں کا عقیدہ ہندوؤں کا یہ عقیدہ تھا کہ روحیں بدن سے جدا ہونے کے بعد سومنات کی مجلس میں جمع ہو جاتی ہیں۔ سومنات انھیں جس جس بدن میں چاہتا ہے ڈال دیتا ہے۔ ہندو قیمتی قیمتی اسباب اور قیمتی قیمتی جواہرات نذر کے طور پر سومنات میں پیش کرتے تھے۔ پجاریوں کو بے حد اور بے شمار نقد اور قیمتی مال و اسباب دیتے تھے۔ دس

[illegible] جنگ کے لئے [illegible] کے لئے موجود رہتے تھے۔ [illegible] ہاتھی [illegible] تعداد [illegible]

[illegible]

اس اثنا میں [illegible]

جنگل گجرات پر قبضہ اب کے بعد شاہی لشکر ایک جنگل میں [illegible] نے اپنی فوج کے ایک حصہ کو [illegible]

فتح سومنات: الغرض صبح ہوتے ہی مجاہدین اسلام قلعہ کی دیوار تک تکبیر کہتے ہوئے پہنچ گئے ادھر راجپوتوں اور جنگجوؤں کا لشکر فصیل قلعہ سے اتر کر سومنات کے پاس امداد کی درخواست پیش کرنے گیا ادھر لشکر اسلام کمندوں اور سیڑھیوں سے قلعہ کی فصیل پر چڑھ گیا۔ ہندو راجپوت سلطان کے دلاوروں کی یہ شجاعت دیکھ کر دنگ رہ گئے اور مجبور ہو کر تنگ آ کر جنگ آمادۂ مقابلہ اور مدافعت پر کمریں باندھیں۔ دن بھر نہایت شدت سے لڑائی کا سلسلہ جاری رہا۔ جونہی رات کی سیاہی چھائی دونوں حریف جنگ سے رک گئے۔ رات امید و خوف میں گزر گئی صبح ہوتے ہی لشکر اسلام نے تکبیر کہہ کر پھر لڑائی کا آغاز کر دیا اور نہایت سختی سے حملہ آور ہوئے ہندو جوق در جوق سومنات کے پاس جاتے اور اس سے بغل گیر ہو کر گریہ و زاری کرتے ہوئے رخصت ہوتے اور میدان جنگ میں جاتے تھے۔ بہادران اسلام انتہائی جد و جہد سے حملہ پر حملہ کرتے۔ یہ یہاں تک کہ رات نے بیچ بچاؤ کرایا اور یہ دن بھی اسی حالت سے ختم ہو گیا تیسرے دن پرم دیو اور دابشلیم کی امدادی فوجیں بھی آ گئیں جس سے اہل سومنات کو بڑی قوت اور اطمینان حاصل ہو گیا مگر مجاہدین اسلام کے پے در پے حملوں نے ہندو راجپوتوں کو شکست دے دی نہایت ابتری کے ساتھ پسپا ہونے لگے۔ پانچ ہزار ہندو بے بسی کی حالت میں کشتیوں پر سوار ہو کر بھاگ نکلے۔ اسلامی بہادروں نے تعاقب کیا۔ قتل و غارت گری کا سیلاب دیکھ کر ہزاروں ہندو دریا میں ڈوب کر مر گئے بہت سوں کو اسلامی دلاوروں نے تلوار کے گھاٹ اتارا۔ قلعہ پر کامیابی کے ساتھ سلطانی قبضہ ہو گیا۔

سلطان محمود اور راجہ پرم دیو: اس خداداد کامیابی کے بعد سلطان محمود نے راجہ پرم دیو والی نہروالا کے سر کرنے کے لئے کوچ کیا۔ راجہ پرم دیو وہی شخص ہے جس نے جنگ سومنات میں مذہبی اور قومی جوش سے ہندوؤں کی کمک پر فوجیں روانہ کیں۔ تسخیر سومنات کے بعد نہروالا چھوڑ کر قلعہ کندھ میں جا کر پناہ گزین ہو گیا تھا۔ یہ قلعہ ایسے مقام پر تھا جو تین طرف سے دریا سے گھرا ہوا تھا۔ چوتھی جانب خشکی تھی لیکن ایک گہری نہر اس سمت کی حفاظت کر رہی تھی۔ یہ مقام سومنات سے چالیس کوس کے فاصلہ پر تھا۔ سلطان محمود نے خشکی کی جانب سے اس قلعہ پر فوج کشی کی۔ جب قلعہ پہنچ کر دیکھا کہ چاروں طرف سے دریا لہریں مار رہا ہے بے حد پریشان ہوا کشتیاں تھیں نہیں۔ اس کشمکش نے رنج میں مبتلا کر دیا۔ حسن اتفاق سے دو شکاری ملاح پر نظر پڑی جو مچھلیوں کا شکار کر رہے تھے۔ ملازمان شاہی انہیں دربار شاہی میں پکڑ لائے دریافت کرنے پر ان لوگوں نے ایک پایاب بتایا کہ یہاں سے دریا عبور کر جانا ممکن ہے لیکن اگر دریا عبور کرتے وقت اگر ذرا بھی تیز ہوا چلی تو سب کے سب ہلاک ہو جاؤ گے۔ سلطان محمود یہ سنتے ہی اٹھ کھڑا ہوا۔ بسم اللہ مجریہا و مرسٰہا کہہ کر اپنے گھوڑے کو دریا میں ڈال دیا مجاہدین اسلام نے بھی باگیں اٹھائیں اور بات کی بات میں دریا عبور کر گئے۔ راجہ پرم دیو اس جرأت و دلیری سے اس قدر متاثر ہوا کہ لباس تبدیل کر کے قلعہ چھوڑ کر بھاگ گیا۔ بلا قتل و قتال قلعہ پر سلطانی قبضہ ہو گیا۔

والی منصورہ کی سرکوبی: اس کے بعد والی منصورہ کے مرتد ہونے کی خبر دربار سلطانی میں پہنچی فوراً تیاری کا حکم دیا۔ والی منصورہ نے مرکب شاہی کی آمد کی خبر سن کر براہ دریا بھاگ جانے کی کوشش کی۔ سلطان محمود کو اس امر کا خطرہ پہلے ہی سے ہو گیا تھا اور اس نے دریا کے راستے کی ناکہ بندی کر لی تھی جونہی والی منصورہ لشکر پر جا نکلا کشت و خون کا بازار گرم ہو گیا ایک بڑی جماعت کام آئی والی منصورہ نے بھاگ کر اپنی جان بچائی۔ والی منصورہ کی سرکوبی سے فارغ ہو کر سلطان محمود نے بھاٹیہ

(کشمیر) کی طرف رخ کیا۔ کشمیر والوں نے اطاعت قبول کر لی۔ سلطان محمود [illegible] پر تھانہ قائم کر کے مظفر و منصور ماہ صفر [illegible] میں غزنی کی جانب واپس ہوا۔

امیر نوح اور قابوس: ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ عضد الدولہ دیلمی امرائے بویہ نے جرجان اور [illegible] کو قابوس کے قبضہ اقتدار سے نکال کر اپنے دائرہ حکومت میں شامل و داخل کر لیا تھا۔ تب ہی حال پریشان امیر نوح بن منصور کی خدمت میں ابوالعباس گورنر خراسان کے توسط سے بغرض امداد حاضر ہوا۔ امیر نوح اور اس کے گورنر ابوالعباس نے امداد کا وعدہ کیا مگر اتفاق سے کچھ ایسے واقعات پیش آ گئے کہ [illegible] اور وعدہ وفا نہ ہو سکا۔ پھر سبکتگین کا دور حکومت آ گیا۔ قابوس نے اس سے بھی اپنی سرگزشت کہہ سنائی اس نے بھی وعدہ تو کیا مگر [illegible] کی وجہ سے [illegible] پیدا ہو گئے جس سے امیر سبکتگین اپنا وعدہ وفا نہ کر سکا اور [illegible] سفر آخرت اختیار کیا۔ سلطان محمود تخت آرائے حکومت ہوا تو [illegible] سے مباحث ہوئے۔ قابوس بھی [illegible] مقصود پر پہنچ پایا تھا کہ ابوالقاسم [illegible] نے فخر الدولہ [illegible] کے مرنے کے بعد جرجان کے صوبہ پر قبضہ کر لیا تو قابوس کی رہی سہی امید بھی ختم ہو گئی مگر [illegible] دیلم اور جبل [illegible] جرجان پر قابوس کا قبضہ ہو گیا اور [illegible] صوبہ کو [illegible] کیا گیا جیسا کہ دیلم و جبل کے حالات کے ضمن میں تحریر کیا جائے گا۔

سلطان محمود اور قابوس: نصر بن حسن فیروزان ماکان بن کاکی کا پوتا اور [illegible] تھا۔ صوبجات طبرستان و جرجان پر [illegible] قابوس سے لڑ جھگڑ کر [illegible] تھا۔ اتفاق زمانہ سے [illegible] بویہ نے اسے گرفتار کر کے قید خانہ میں ڈال دیا اب کوئی [illegible] مخالف باقی نہ رہا تو طبرستان و جرجان پر قابوس کی حکومت مستقل طور سے قائم ہو گئی۔ قابوس نے [illegible] پر غور کر کے سلطان محمود کی اطاعت قبول کر لی تاکہ آئندہ خطرات سے محفوظ ہو جائے۔ الغرض اس طور سے جرجان و طبرستان میں سلطانی حکومت کا سکہ چلنے لگا۔

سلطان محمود کا رے پر قبضہ: مجد الدولہ بن فخر الدولہ کی ماں [illegible] جب اس کی [illegible] تو [illegible] مجد الدولہ صرف [illegible] حکومت ایک لونڈی کے ہاتھ میں تھی مجد الدولہ [illegible] کوئی کام نہ تھا [illegible] حالات [illegible] لونڈی [illegible] امرائے دولت نے تنگ ہو کر [illegible] سلطان محمود کی خدمت میں مجد الدولہ کی [illegible] شکایت لکھی اور [illegible] قبضہ کرنے کی ترغیب دی۔ سلطان محمود نے اس خیال سے کہ مبادا کوئی [illegible] قبضہ کر لے [illegible] کی غرض سے ایک فوج بھیج دی جس کا افسر اعلیٰ [illegible] حاجب تھا اور یہ ہدایت کر دی کہ [illegible] انتظام امور سلطنت [illegible] مجد الدولہ کو اس کے بیٹے ابودلف کے ساتھ گرفتار کر لینا۔

مجد الدولہ کی نظر بندی: [illegible] کے قبضہ کر لینے کے بعد سلطان محمود [illegible] دارالسلطنت غزنی سے رے کی جانب [illegible]

سے اپنے نئے حکمران کا استقبال کیا۔ سلطان محمود سب سے خندہ پیشانی سے ملا اور انتظام حکومت اور مصلحت وقت کا خیال کر کے مجد الدولہ کو گرفتار کر کے خراسان میں نظر بند کیا اور اس کے مال و اسباب کی ضبطی کا حکم دیا۔ فہرست مرتب کی گئی۔ ایک کروڑ دینار سرخ، پانچ لاکھ دینار کے قیمتی جواہرات، چھ ہزار تھان قیمتی قیمتی پارچہ جات بے شمار آلات حرب خزانہ اور توشہ خانہ سے برآمد ہوئے۔

قزوین کے قلعوں پر قبضہ: پھر رے سے فارغ ہو کر قزوین کی جانب متوجہ ہوا اور وہاں کے قلعوں پر قبضہ حاصل کر کے شہر ساوہ اور آوہ کو بھی اپنے دائرہ حکومت میں شامل کر لیا۔ مجد الدولہ کے فرقہ باطنیہ کے تمام اصحاب کو چن چن کر قتل کیا۔ معتزلیوں کو گرفتار کرا کر خراسان کی طرف جلاوطنی کا حکم دیا۔ فلسفہ اعتزال اور نجوم کے کتب خانوں میں آگ لگا دی۔ سارا کفر و الحاد کا ذخیرہ جل کر خاک سیاہ ہو گیا۔ ان کے علاوہ دوسرے علوم و فنون کی کتابوں جو ایک سو اونٹوں کا بار تھیں اپنے دارالسلطنت غزنی روانہ کر دی گئیں۔

منوچہر بن قابوس: منوچہر بن قابوس شہر چھوڑ کر ایک پہاڑی قلعہ میں جا کر قلعہ بند ہو گیا تھا راستہ نہایت دشوار گزار تھا۔ سلطان محمود نے اس راستہ کو چوبی تختوں سے طے کر کے قلعہ پر پہنچ کر محاصرہ ڈال دیا۔ منوچہر قلعہ کی کھڑکی سے نکل کر جنگل میں جا چھپا اور وہیں سے پانچ لاکھ دینار سرخ سالانہ پر مصالحت کا پیام دیا جسے سلطان نے قبولیت کا درجہ عنایت کی۔ منوچہر اپنے قلعہ میں واپس آیا اس کے بعد محمود نے نیشاپور کی جانب کوچ کیا۔

ابن منوچہر: اس واقعہ کے بعد ہی منوچہر کی زندگی کا بھی خاتمہ ہو گیا اس کی جگہ اس کا بیٹا انوشیروان تخت آرائے حکومت ہوا۔ سلطان محمود نے اس جانشینی کو تسلیم کیا اور بدستور خراج مقرر و قائم رکھا۔ الغرض رفتہ رفتہ بلاد جبلیہ میں حدود آرمینیہ تک سلطان محمود کی حکومت کا سکہ چلنے لگا۔ زنجان اور ابہر باقی رہ گئے تھے جو ابراہیم بن مرزبان کے قبضہ و اقتدار میں تھے (ابراہیم سالار شوروان بن محمد بن مسافر دیلمی کے پسماندگان سے تھا) مسعود بن سلطان نے ان شہروں پر قبضہ کر لیا۔ اب صرف شہر سرجہان باقی رہ گیا جسے سلطان محمود نے اپنی حکومت کے اقتدار میں لے کر سالانہ خراج مقرر کیا اور اسے بدستور دیلمیوں کے قبضہ میں رہنے دیا جیسا کہ دیلم کے حالات میں تحریر کیا گیا۔

اصفہان کا الحاق: صوبہ اصفہان اس وقت تک علاء الدین ابن کاکویہ کے زیر حکومت تھا علاء الدین نے سلطان محمود کی ان کامیابیوں سے متاثر ہو کر اطاعت قبول کر لی اور سلطان محمود کے نام کا خطبہ اپنے ممالک مقبوضہ میں پڑھے جانے کا حکم دیا اور اطلاعی عرضداشت بارگاہ سلطانی میں بھیج دی۔ علاء الدین کا یہ فعل محض ظاہر داری پر مبنی تھا چنانچہ اس کے تھوڑے دن بعد فتنہ و فساد شروع کر دیا۔ سلطان محمود کو اس کی خبر ہو گئی فورا خراسان کی جانب واپس ہوا۔ اپنے بیٹے مسعود کو رے کا گورنر مقرر کر کے اصفہان کا رخ کیا علاء الدین نے حیلہ و حوالہ سے کام لینا چاہا مگر ایک بھی پیش نہ گئی۔ سلطان محمود نے اصفہان پر بھی اپنی حکومت کا جھنڈا گاڑ دیا اور اپنے ممالک مقبوضہ میں اس کے الحاق کا اعلان کر دیا۔

اہل رے کی سرکشی و بغاوت: شہزادہ مسعود رے میں چند دن حکومت کر کے ایک مصاحب کو اپنا نائب بنا کر کسی ضرورت سے غزنی کی طرف واپس ہوا۔ اہل رے نے موقع پا کر علم بغاوت بلند کر دیا مار دھاڑ شروع ہو گئی۔ مسعود کے نائب

کو قتل کرنے کے بعد بخارا پر قابض ہو گئے۔ مسعود ان واقعات سے مطلع ہوا آگے بڑھا اور ان کی جانب روانہ ہوا لیکن وہ مقابلہ پر آئے لیکن مسعود کے حملوں نے انہیں نیچا دکھا دیا اور نہایت بے دردی سے پامال کئے گئے۔

ایلک خان کی بخارا پر فوج کشی: ۳۹۰ھ میں ملوک سامانیہ کے کمزور ہو جانے پر ایلک خان بادشاہ ترک و لی ترکستان نے بخارا کو اپنے مقبوضات میں شامل کر کے اپنی جانب سے ایک شخص کو بطور گورنر مقرر کر دیا۔ جیسا کہ آپ اوپر پڑھ آئے ہیں بخارا کے گرد و نواح میں ترک (تاتاریوں) کا ایک خانہ بدوش گروہ رہا کرتا تھا جن کا کام صرف لوٹ مار اور غارت گری تھا۔ ارسلان بن سلجوق (سلطان طغرل بیگ کا چچا) ان لوگوں کا پشت پناہ اور حامی تھا۔ ان لوگوں نے تبدیلی حکومت کی وجہ سے اپنے ہاتھ پاؤں نکالے لوٹ مار شروع کر دی۔ علی تگین برادر ایلک خان کو موقع مل گیا۔ ارسلان بن سلجوق کی سازش سے بخارا پر قبضہ کر لیا۔ ایلک خان کو یہ امر ناگوار گزرا فوج کشی کا راستہ کر کے علی تگین پر چڑھائی کر دی۔ علی تگین اور ارسلان بن سلجوق مقابلہ پر آئے باہم لڑائی ہوئی آخر ایلک خان کو شکست ہوئی اور علی تگین کا قدم بخارا پر انتظام کے ساتھ جم گیا۔

سلطان محمود کا بخارا پر قبضہ: ایلک خان کو شکست دینے سے علی تگین کو غرور پیدا ہو گیا اور سلطان محمود سے پنجہ آزمائی کی۔ اس کے علاوہ ماوراء النہر سے جو باشندے سلطان کے یہاں آ جایا کرتے تھے تو مزاحمت کرتے۔ چنانچہ سلطان محمود کو ان کی شکایت پہنچی۔ اس وجہ سے اور نیز یہ خیال کر کے کہ آئندہ وقتاً فوقتاً آمد و رفت میں دقت ہو گی علی تگین کو دفع کرنا نہایت ضروری سے اپنے مقرر ہوا۔ فوج آراستہ کر کے سامان جنگ مہیا اور درست کیا ۴۱۶ھ میں بلخ سے روانہ ہو کر جیحون کو پار کر کے بخارا کی طرف متوجہ ہوا۔ علی تگین پر ایسا خوف غالب ہوا کہ بخارا چھوڑ کر ایک قلعہ کے اندر جا چھپا۔ سلطان محمود نے بخارا میں داخل ہو کر اس پر اور اس کے مضافات پر قبضہ کر لیا۔ سمرقند والوں پر خراج مقرر کیا تاتاریوں اور ارسلان بن سلجوق کو جو راستے میں رکاوٹ ہوا کرتا تھا گرفتار کیا۔ پھر ارسلان بن سلجوق کو قید کر کے ہندوستان کے کسی قلعہ میں بھیج دیا۔

اس کے بعد تاتاریوں کے ایک گروہ نے مرو کی جانب سر اٹھایا سلطان محمود نے فوج کشی کی اور انہیں خوب پامال کیا یہاں تک کہ تاتاریوں کا گروہ منتشر ہو گیا اور سلطان محمود خراسان کی جانب واپس ہوا۔

سلطان محمود اور تاتار: جس زمانے میں سلطان محمود نے ارسلان بن سلجوق کو قید کر کے ہندوستان بھیج دیا تھا اور اس کے قبیلے بخارا کی اطراف میں جلاوطن ہو کر منتشر ہو گئے اسی زمانے میں تاتاریوں نے ترکستان و خراسان کی جانب سے یورش کی۔ خراسان کے گرد و نواح جنگلوں سے واقف تھے ان کا مال و اسباب جہاں جہاں پاتے ضبط کر لیتے ان کی ایذا سے بڑی مصیبت میں تھے۔ مجبوراً ان میں سے ایک گروہ جن کے خیموں کی تعداد دو ہزار سے زیادہ تھی کرمان چلا گیا پھر کرمان سے اصفہان کی جانب روانہ ہوا جو اپنے کو عراقیہ کے نام سے موسوم کرتا تھا۔ دوسرا گروہ کوہ بلخان پر سے خوارزم کے قریب جا کر مقیم ہوا اور ان کے ہمسایوں میں قتل و لوٹ مار اور غارت گری مچا دی۔

تاتاریوں کی غارت گری: سلطان محمود نے ان واقعات سے مطلع ہو کر علاء الدولہ والی رے کو ان تاتاریوں کی سرکوبی کے لیے لکھا جو اصفہان میں خیمے ڈالے ہوئے تھے چنانچہ علاء الدولہ نے فوج آراستہ کر کے تاتاریوں پر چڑھائی کی

خونریز جنگ کے بعد علاؤ الدولہ کو شکست ہوئی تاتاریوں نے سلطان محمود کے خوف سے اصفہان چھوڑ دیا آذربائیجان میں جا کر پڑاؤ کیا راہ میں قصبوں اور شہروں کو تاخت و تاراج کرتے گئے۔

وہشودان کی حکمت عملی: وہشودان والیٔ آذربائیجان ان لوگوں کا مقابلہ نہ کر سکتا تھا اس لئے ان سے نرمی سے پیش آیا اور تعلقات بڑھائے گئے۔ اس سے وہشودان کو بڑی کامیابی حاصل ہوئی کہ اس کے مقبوضات ان لٹیروں کے تاخت و تاراج سے محفوظ رہے اس دوران بوقا، کوکتاش، منصور اور دانا وغیرہم ان تاتاریوں کے سردار وفات کر گئے۔

تاتاریوں کی سرکوبی: خوارزم و قہستان کے قریب تھی جو گروہ تاتاریوں کا جو ٹھہرا ہوا تھا وہ غارت گری میں اپنے بھائیوں سے کم نہ نکلا جس طرف سے اس کا گزر ہوتا تھا قتل عام جاری ہو جاتا تھا آخر کار ان کی سرکوبی پر بارگاہ سلطانی سے ارسلان حاجب ایک مدت دراز تک شہر بہ شہر جنگل میں تاتاریوں کے پیچھے مارا مارا پھرا مگر زیادہ کامیابی نہ ہوئی۔ تب سلطان محمود کمر ہمت باندھ کر ان کے پیچھے پڑا اور بہت سے تاتاریوں کو مار ڈالا۔ بقیہ کو ہندوستان میں منتشر کر دیا۔ ان میں سے بعض کو اپنی خدمت میں رکھ لیا۔ اس وقت ان کے امراء کوکتاش، بوقا، قزل، یغمر اور ناصغلی وغیرہ تھے۔ سلطان محمود کی وفات کے بعد اس کے بیٹے مسعود نے بھی انہیں اپنی خدمت میں رکھنا چاہا۔ یہ لوگ سلطان محمود کی رکاب میں غزنی، ہمراہ آئے تھے ان کے باقی ماندہ لوگ بیابان میں خوارزم کے قریب باقی رہ گئے تھے انہوں نے خراسان میں آ کر رہنے کی درخواست کی۔ سلطان مسعود نے خراج و حکومت کی فرمانبرداری کی شرط پر ان کو خراسان کے میدانوں میں آباد ہونے کی اجازت دی۔

ترکمانوں کی غارت گری: اس کے بعد احمد نیالتگین گورنر ہند نے بغاوت کا جھنڈا بلند کیا۔ سلطان مسعود اس کی سرکوبی کے لئے روانہ ہوا اور خراسان کی حکومت پر تاش نامی ایک سردار کو مقرر کر دیا۔ ترکمانوں نے میدان خالی پا کر پھر فساد مچا دیا۔ دیہاتوں اور قصبات کو ویران و تباہ کرنے لگے۔ تاش نے ان کی گوشمالی پر کمر باندھی اور ان پر حملہ کر کے ان کے سردار یغمر کو جنگ کے دوران قتل کر ڈالا۔ سلطان مسعود نے اس سے مطلع ہو کر ایک فوج ان کی بد عملی اور سرکوبی پر مامور کیا۔ اس فوج نے ان کے سروں پر پہنچ کر قتل و غارت کا بازار گرم کر دیا۔ مجبوراً ان ترکمانوں نے آذربائیجان جا کر عراق میں پناہ لینے کی غرض سے رے کی طرف قدم بڑھایا جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں۔ ابتداً انہوں نے دامغان پر قبضہ حاصل کیا پھر اسے تاخت و تاراج کر کے سمنان کو لوٹا۔ مشکویہ اور تمام اطراف رے کو قتل و غارت سے ایک خوفناک منظر بنا دیا غرض کہ جس طرف سے ہو کر گزرے دیہات و قصبات کے قصبے ویران ہو گئے۔ تاش والیٔ خراسان اور ابو سہل حمدانی والیٔ رے نے فوجیں فراہم کیں اور ان کی سرکوبی کے لئے نکلا ایک طرف سے تاش اپنی فوج کو لے کر ترکمانوں کی طرف بڑھا۔ جنگی ہاتھی کو رخصت دامن گیا تھے۔ ترکمانوں نے بے تکلف مقابلہ کیا ادھر اس کی فوج کو پسپا کر کے رے کی جانب قدم بڑھایا۔ رے پہنچ کر ابو سہل حمدانی سے مقابلہ ہوا ابو سہل کو اس معرکہ میں شکست ہوئی بھاگ کر قلعہ طبرک میں پناہ گزین ہوا ترکمانوں نے رے کو جی کھول کر لوٹنا شروع کیا اسی اثناء میں ترکی لشکر جرجان سے آ پہنچا اور رے نے اس طوفان کی روک تھام پر کمر ہمت باندھی نہایت سختی سے قتل و قتال کا ہنگامہ گرم ہو گیا۔ بہت سے ترکمان قتل و قید کر لئے گئے باقی ماندہ نے اس غرض سے کہ عراق میں جا کر شامل ہو جائیں آذربائیجان کا راستہ لیا۔

آذربائیجان کا تاراج: ترکمانوں کی روانگی کے بعد علاء الدولہ ابن کاکویہ اصفہان آیا اور ابوسہل سے سلطان مسعود کی فرماں برداری کی بیعت لینے کا مستدعی ہوا مگر اتفاق ایسا پیش آیا کہ یہ معاملہ طے نہ ہو سکا اس اثناء میں ترکمانوں نے آذربائیجان کو بھی پامال کر کے تاراج کیا۔ ہمدان سے ایک فوج کثیر فراہم کر کے ترکمانوں پر چڑھائی کی۔ اہل آذربائیجان نے بھی جمع ہو کر دوسری جانب سے حملہ کیا ایک بڑا گروہ موت کی نذر ہو گیا باقی ماندہ بھاگ اور اس سے پہلے طغرل بیگ کے خوف سے آذربائیجان چھوڑ کر موصل اور دیار بکر کے درمیان پہنچے تھے اور ان دونوں شہروں پر قبضہ حاصل کر کے اس کے اطراف و جوانب کو قتل و غارت کی جولانگاہ بنا لیا جیسے کہ قرواش والی موصل اور ابن مروان والی دیار بکر کے حالات میں ہم ان واقعات کو لکھ آئے ہیں۔ ارسلان بن سلجوق کے تفصیلی حالات میں رے اور آذربائیجان کے واقعات کو ہم نے مختصراً بیان کیا ہے کیونکہ ہم اسے سلجوقیوں کی حکومت کے ضمن میں تحریر کریں گے۔

طغرل بیگ اور تگین کی چھیڑ چھاڑ: طغرل بیگ اپنے برادران چغری داؤد، بیغو اور برادر ابراہیم نیال کے ساتھ (جو اسلام لانے کے بعد ابراہیم کے نام سے موسوم ہوا) خطا کے اسلامی حدود سے نکلے ہیں کہ [illegible] ماوراء النہر آیا اور سلجوق کے بعد ماوراء النہر میں قیام پذیر ہوا۔ تگین والی بخارا سے متعدد لڑائیاں ہوئیں۔ آخر نتیجہ یہ ہوا کہ تگین کو ان پر کامیابی حاصل ہوئی یہ سب وہاں سے جیحون کو عبور کر کے خوارزم و خراسان کی جانب چلے گئے۔ خوارزم و خراسان میں پہنچ کر یہ لوگ ملک و دولت کے مالک ہوئے جس کا تذکرہ آئندہ تحریر کیا جائے گا۔

فتح بنارس: سلطان محمود نے اپنے غلام زادوں سے احمد نیال تگین کو ہندوستان کی گورنری پر مامور کیا تھا۔ احمد نیال تگین نے ۴۲۴ھ میں شہر بنارس پر جو کہ ہندوستان کا بہت بڑا شہر تھا ایک بڑی فوج لے کر چڑھائی کی پہلے اس کے اطراف و جوانب کو اس کی حمایت کرنے والوں سے پاک و صاف کر کے اس پر قابض ہو گیا اس کے بعد شہر کی طرف قدم بڑھایا چنانچہ شہر میں ایک جانب سے بزور تیغ داخل ہوا ایک دن کامل لوٹ مار کا بازار گرم رہا قتل و غارت گری جاری کر دی۔ شام ہوتے ہی شہر سے نکل کر ایک کھلے میدان میں رات گزاری۔ صبح کو مال غنیمت دوبارہ تقسیم کر کے شہر پر دوبارہ حملہ کرنے کا قصد کیا۔ اہل شہر کو اس کی خبر لگی مدافعت کی غرض سے جمع ہو گئے۔ احمد نیال نے مقابلہ کرنا مناسب نہ سمجھا اپنے شہر کی جانب واپس ہوا۔

سلطان محمود کی وفات: ان واقعات بالا کے ختم ہوتے ہی سلطان محمود کا پیمانہ حیات لبریز ہو گیا چنانچہ ۴۲۱ھ میں (مقام غزنی جگر و دق کی خرابی سے) داعی اجل کو لبیک کہہ کر راہی ملک جاودانی ہوا (ساٹھ سال عمر پائی)۔

سلطان محمود کی سیرت و کردار: سلطان محمود بہت بڑا عادل، دانشمند بادشاہ تھا اکثر ممالک اسلامیہ پر قابض ہوا علماء کی عزت کرتا تھا اور ان سے با اعزاز و اکرام پیش آتا تھا۔ دور دراز ملک سے اہل علم اس کی بارگاہ عظمت میں آتے تھے۔ عادل اور نیک نفس تھا، رعایا کے ساتھ [illegible] کرتا تھا اور ان پر طرح طرح کے احسانات سے اپنا ممنون بناتا۔ جہاد کے بےحد شائق تھا اس کی فتوحات کی داستانیں مشہور ہیں جس کو آپ اوپر پڑھ آئے ہیں۔

جس وقت یہ عادل بادشاہ مرض الموت میں مبتلا ہوا اپنے بیٹے محمد کو حکومت و سلطنت کی وصیت کی اس وقت

۱: [illegible]

[illegible] سلطان محمود [illegible]
[illegible]

[illegible] سلطان محمود کی وفات کے بعد [illegible] محمد [illegible] سلطنت [illegible] غزنی کی جانب [illegible] غزنی میں [illegible] شاہی افواج نے [illegible] اطاعت [illegible] سلطان محمد نے [illegible] تسلیم کئے۔

محمود کا [illegible] ابن خلدون نے [illegible] ملتان [illegible] کے ان کا بیان کرنا انتہائی ضروری ہے۔

سلطان محمود [illegible] ابوالفتح داؤد [illegible] ملتان [illegible]

ابوالفضل بیہقی نے تاریخ بیہقی میں [illegible]

تاریخ [illegible] ملتان [illegible]

[illegible]

[illegible]
[illegible]

ہوئے اور ترکوں سے حسب ضرورت رشتۂ قرابت پیدا کیا۔ دولت و حکومت تو پہلے ہی ہاتھ سے نکل چکی تھی علم بھی جاتا رہا اور چار صدیوں کے بعد ترک کہلائے جانے لگے۔

محمود کے غلام زادہ ہونے کی بہت بڑی اور قوی دلیل یہ ہے کہ انگریز مورخوں نے اسے غلاموں کے سلسلہ حکومت میں نہیں لکھا، انہیں اس کے ساتھ کوئی ایسی ہمدردی نہ تھی کہ جس سے یہ محمود کو سلسلہ حکمران غلامان سے علیحدہ لکھنے پر مجبور ہوتے۔

عرب مورخین صرف اس قدر لکھ کر خاموش ہو جاتے ہیں کہ محمود کا باپ سبکتگین امیر البتگین کا غلام تھا۔ یہ عبارت اشارے سے زیادہ حقیقت نہیں رکھتی۔ اس سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ سبکتگین کس ملک سے کس زمانے میں اور کس وجہ سے غازیان اسلام کے ہاتھ آیا اور جب یہ امر پایۂ ثبوت تک نہیں پہنچ سکا تو محمود کو غلام کہنا نہایت دیدہ دلیری اور ناانصافی ہے۔

قرون سابقہ میں غلامی کے دو ہی طریقے تھے۔ ایک یہ کہ جہاد کے ذریعے سے جو لوگ کفرستان سے قید ہو کے آتے تھے وہ غازیان اسلام انہیں بضرورت خرید و فروخت کر لیا کرتے تھے دوسرے یہ کہ غیر مہذب ممالک سے اکثر سیاح یا سوداگر تجارت پیشہ اسباب اکا دکا چلنے والوں کو پکڑ کر لاتے تھے اور انہیں ممالک اسلامیہ میں لا کر بازار فروخت کیا کرتے تھے وہی لوگ اصلی اور حقیقی غلام کہے جانے کے مستحق ہیں۔ قزاقی کی دوسری صورت تو محض غلامی ہے ورنہ بڑے بڑے شاہزادے نیک نہاد بھی اسی دوسری صورت میں داخل ہو جاتے ہیں۔ ہاجرہ علیہا السلام کون تھیں؟ اور کس طرح ابراہیم علیہ السلام کے ہاتھ آ گئی تھیں؟ سادات کی ماں کہاں کی تھیں اور کیونکر حسین علیہ السلام کے ہاتھ آئیں؟ ام المومنین ریحانہ بنت شمعون قبطیہ کون تھیں اور کہاں سے آئی تھیں؟ زید بن حارثہ قبائل یمن کے کس قبیلے سے تھے جن سے زینب بنت جحش رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی زاد بہن منسوب تھیں۔ اسی غلامی کی کراہت دفع کرنے کی غرض سے آپ نے اس تزویج کو مناسب سمجھا۔

ان سب واقعات سے قطع نظر کر لینے پر یہ امر ذہن نشین ہو جاتا ہے کہ ان دنوں بردہ فروشی کا بازار گرم تھا اور یزدجرد بادشاہ فارس کے خاندان کی تباہی و بربادی بھی سب کو معلوم ہے تو یہ بھی ممکن ہے کہ کسی شخص نے سبکتگین کو آوارہ و پریشان پا کر پرورش و پرداخت کی ہو غالباً اسی وجہ سے عربی مورخ سبکتگین کو البتگین کا مملوک لکھتے آئے ورنہ اور کوئی وجہ غلامی کی نہیں ہے کہ اسے یعنی سبکتگین کے خاندان کے دامن عزت پر دھبہ نہیں لگ سکتا۔

فردوسی شاعر کے شاہنامہ میں محمود پر چوٹ کی ہے اس سے محمود پر غلامی کا دھبہ نہیں لگ سکتا۔ فردوسی شاعر تھا نہ کہ مورخ شاہنامہ کا شاہنامہ بھی تاریخ کی کتاب نہیں ہے بلکہ ایک داستان ہے۔ شعراء میں ہمیشہ سے یہ دستور چلا آتا ہے کہ جب انکی خلاف توقع کامیابی نہیں ہوتی تو امراء و روساء اور سلاطین عظام کی ہجو پر کمربستہ ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ فردوسی کو بھی اسی امر نے محمود کی ہجو پر آمادہ کیا ہے اصل تو یہ ہے کہ کوئی کسی کا مملوک ہے نہ مالک حقیقت میں غلامی کوئی چیز نہیں ہے ایک اعتباری امر ہے تمام بنی نوع انسان ایک ہیں اور اسلام نے آزادی اور غلامی کا پردہ ہی اٹھا دیا ہے کل مومن اخوۃ اس کے

۱؎ ان دو طریقوں کے علاوہ اور صورتیں اور بھی تھیں اول یہ کہ اگر کوئی شخص غلامی میں ہو تو جو بچہ اس کی اولاد پیدا ہوتی وہ بھی مملوک کہلاتی تھی۔ دوسری صورت یہ تھی کہ اگر کوئی شخص کسی خاندان کی عربی خاندان کی پرورش میں آ گیا یا بوجہ خدمات کے حلف ولاء اور موالات ہو جاتا تو وہ اس خاندان کا مولا اور مملوک کہتے تھا اسی واسطے امام ابو حنیفہ اور امام بخاری سب موالی شمار ہوتے تھے ممکن ہے کہ سبکتگین کے خاندان کے ساتھ کوئی صورت پیش آئی ہو۔ (۱۲)

بہت بڑے امام مذہب کا اصول میں داخل ہے۔

دسویں محرم ۳۶۱ھ میں شب پنجشنبہ میں امیر سبکتگین کی حکومت کے ساتویں سال مقام غزنی میں محمود پیدا ہوا۔ تاریخ منہاج السراج جوزجانی میں لکھا ہے کہ جس شب محمود پیدا ہوا اسی شب میں چند ساعت پیشتر امیر سبکتگین نے خواب دیکھا تھا کہ میرے مکان کے آتشدان سے ایک بڑا درخت پیدا ہوا ہے کہ جس کے سایہ میں ایک عالم بیٹھ سکتا ہے فوراً آنکھیں کھل گئیں تعبیر کی فکر میں تھا کہ محلسرائے شاہی سے یہ خبر آئی کہ مشکوئے معلیٰ میں شہزادہ بلند اقبال پیدا ہوا ہے۔ امیر سبکتگین نے اس مولود مسعود کا نام محمود رکھا۔ زمانہ زیادہ گزرنے نہ پایا تھا کہ محمود الابتداء سعود الاخیار ظاہر ہوا۔

محمود کے عہد طفلی کے حالات بھی اسی تاریکی میں پڑے ہوئے ہیں کہ جن سے کوئی نتیجہ خیز امر معلوم نہیں ہوتا۔ اسی وجہ سے اس کی تعلیم و تربیت کے واقعات، علم و فضل حاصل کرنے کے حالات بالتفصیل لکھنا دشوار نظر آتا ہے۔ محمود جس طرح کشورستان، ملک گیر اور نامور فاتح تھا، اسی طرح علم و فضل میں بھی یگانۂ زمانہ تھا۔ مؤلف جواہر مضیہ نے جو فقہ حنفیہ کے حالات کی ایک مستند اور معتبر کتاب ہے محمود کو فقہاء میں شمار کیا ہے اس کے علاوہ خود اس کی تصنیف کی ہوئی فقہ کی ایک کتاب موجود ہے۔ غزنی میں اس نے ایک عظیم الشان یونیورسٹی قائم کی تھی جس کے ساتھ ایک بہت بڑا کتب خانہ بھی تھا نایاب نایاب کتابیں انتہائی[2] کوشش سے مہیا کی گئی تھیں۔ اسی کتب خانہ کی بدولت اس زمانہ کی نادر چیزیں اس میں موجود تھیں ملک کے بڑے بڑے مشاہیر علم و فن تھے وہ سب اس کے دربار کی زینت تھے۔ امام الحرمین ابوالمعالی عبدالملک جوینی نے اپنی کتاب مغیث الخلق فی اختیار الاحق میں لکھا ہے کہ سلطان محمود علم حدیث کی سماعت کا بے حد شائق تھا شب کے وقت اس کے دربار میں علماء محدثین جمع ہوتے اور احادیث کی سماعت و قرات کرتے تھے۔ محمود بھی ایک گوشہ میں بیٹھا ہوا حدیثیں سنا کرتا تھا جن کو نہ سمجھتا ان کے معنی دریافت کرتا جاتا تھا۔ مذہباً پہلے حنفی تھا بعد کو شافعی المذہب ہو گیا تھا علامہ قفال[3] مروزی نے مذاق اور لطیفے کے پیرایہ میں تبدیل مذہب کی تحریک کی تھی۔ فمن شاء الاطلاع علیہا فلیرجع الی ابن خلکان۔

محمود کے تخت پر متمکن ہونے کے بعد کی شاہانہ فتوحات اور معرکہ آرائیوں کی دلچسپ داستان آپ پڑھ چکے ہیں۔ اس کے علاوہ کی صورت یہ تھی۔ زمانۂ شہزادگی میں جو نمایاں کام اس سے سرزد ہوئے جن سے اس کی مردانگی و دلاوری کا ثبوت ملتا ہے وہ ملتان کی لڑائی ہے یہی سبب ہے کہ اسے اپنے باپ کی زندگی ہی میں امیر نوح سامانی کے دربار سے سیف الدولہ کا خطاب مل گیا تھا۔

امیر سبکتگین کے زمانہ حکومت میں راجہ جے پال والی لاہور اور ملتان نے اسلامی شہروں پر جو اس کی سرحد سلطنت سے ملے ہوئے تھے تاخت و تاراج کا ہاتھ بڑھایا۔ امیر سبکتگین کو اس کی اطلاع ہوئی تو اس نے لشکر فراہم کر کے راجہ جے پال کی گوشمالی کی غرض سے کوچ کیا۔ اس مہم میں اس کا نوجوان بیٹا محمود بھی اس کے ہمرکاب تھا محمود نے موقع جنگ میں بہت بڑے

---

[1] تاریخ ابن خلکان مطبوعہ مصر جلد ۲ صفحہ ۸۶ و تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۹ صفحہ ۱۰۲ مطبوعہ مصر۔

[2] تاریخ ابن خلکان جلد ۲ صفحہ ۸۶ مطبوعہ مصر۔

[3] تاریخ ابن خلکان جلد ۲ صفحہ ۸۶ مطبوعہ مصر۔

نمایاں کام کئے جس سے اس کی بڑائی اور مردانگی کا سکہ بیٹھ گیا۔

محمود غزنوی اپنی عمر میں امیر سبکتگین کی وفات کے بعد [illegible] میں تخت حکومت پر متمکن ہوا۔ اس نے اپنے زمانہ حکومت میں اس قدر علم و فضل کو ترقی دی تھی کہ [illegible] اسلامی سلاطین کو شاید ہی یہ [illegible] نصیب ہوئی ہو [illegible] عنصری اور [illegible] ابوالفضل [illegible] سلطان کی طرف [illegible] [illegible] اگر دربار محمودی [illegible] ہوتا [illegible] فضلا شعرا اور [illegible] سے خالی نظر آتا۔ ابو ریحان [illegible] علوم و فنون میں [illegible] کمال حاصل کیا تھا۔ [illegible] کا نام [illegible] محمود کے [illegible] سے بھی [illegible] محمود نے [illegible] اپنے [illegible] بھی [illegible] ہوا۔ [illegible] مستقل [illegible] ہے [illegible] محمود [illegible] سے [illegible] تھے۔

بعض ان الزامات کے جو محمود پر [illegible] لگائے جاتے ہیں کہ ایک الزام شراب خوری کا ہے جسے مولف شعر العجم [illegible] تحقیق واقعہ [illegible] حضرت [illegible] کی جاتی تھی [illegible] اکثر [illegible] میں نے [illegible] کی زبان سے [illegible] شبلی صاحب شعر العجم نے محمود کی شراب نوشی [illegible] کا ایک حیرت خیز واقعہ [illegible] اس کے [illegible] غیر قوموں اور متعصب مؤرخوں نے بھی اس پر شراب خوری کا الزام نہیں لگایا بلکہ [illegible] علم و فضل کا قدردان [illegible] ایک [illegible] لکھا ہے۔

شعر العجم حصہ اول صفحہ ۱۲ میں لکھا ہے: "سلطان محمود کو ایاز سے [illegible] شاید [illegible] تھا۔ ایک دن بزم عیش میں [illegible] محمود [illegible] معمول سے زیادہ [illegible] ایاز پر نظر پڑی اس کی [illegible] محمود نے بے اختیار [illegible] خیال کیا اور [illegible] کاٹ [illegible] [illegible]"

اس عبارت سے چند باتیں [illegible] حقیقت [illegible] اور [illegible] ایک [illegible] ہے۔

ایک یہ کہ محمود کی [illegible] ایاز [illegible] عادت [illegible] اور محمود [illegible] معمول سے زیادہ [illegible] ظاہر ہوتا ہے۔

"دوسرے یہ کہ [illegible] حالت [illegible] [illegible] کے [illegible] ڈالے [illegible] [illegible] شراب خوری [illegible] خلاف وضع فطرت [illegible] عام [illegible] [illegible]

اور پوری تحریک بلا کسی جواب کے ہوتی ہے۔ محمود اگرچہ کسی امردوں کا دلدادہ نہیں۔ یہ محل جدل ... بحالت بدمستی میں شراب ایاز کی صورت پر نظر پڑتے ہی اسے حواس کی تحریک پیدا ہوتی اور ایاز کے گلے میں ہاتھ ڈال دیا۔

تیسرے یہ کہ حالت بدمستی میں محمود متخیل ہو گیا اور جوش تقویٰ میں آ کر ایاز کو حکم دیا کہ زلفیں کاٹ کر دکھا دے جس کی تعمیل ایاز نے فوراً کی"۔

امر اول کے ثبوت کے لئے مؤلف شعر العجم نے کسی اور مورخ کا صرف حوالہ دینا کافی نہ سمجھا جو معاصر ہوں بلکہ ایسی روایت کے پیش کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ان کے راوی محمود کے زمانے میں اور اس کی بزم عیش میں شریک غالب صحبت رہے ہوں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ مؤلف شعر العجم نے یہ روایت کہاں سے لی۔ پھر اس کا راوی کون ہے؟ مؤلف شعر العجم نے کسی معروف و مستند تاریخ کا حوالہ تو کجا کسی مجہول الحال کتاب کا بھی حوالہ نہیں دیا اور کسی راوی کی طرف اس واقعہ کی روایت کو منسوب کیا ہے۔ ایسی حالت میں اس واقعہ کے لئے جس قدر صداقت اور راست بیانی کی روشنی چاہئے وہ ارباب عقل و دانش اور اصحاب ذوق تاریخ پر ظاہر ہے۔ عربی فارسی کی کوئی کتاب بھی یہ نہ بتا سکے گی کہ محمود شراب نوشی کا عادی تھا یا دوستوں کی صحبت میں بادہ و جام کا دور چلا کرتا تھا اور جب یہ امر پایہ ثبوت کو نہیں پہنچتا تو امر ثانی سے زیادہ بحث ہو جاتا ہے کیونکہ ان ھٰذا الا افتراء مبین۔

دوسری شے کا عدم وجود پہلی شے کے عدم وجود پر موقوف ہے اور جب پہلی بات کا ثبوت ممکن نہیں تو دوسری کا وجود خود بخود ختم ہو جاتا ہے۔ وہٰذا ہو المقصود۔

امر سوم یعنی مشغلہ تحریر بحالت بدمستی میں محمود کا متخیل ہو جانا، جوش تقویٰ میں آ کر خلاف شرع حرکت کا حامی کرانا اور ایاز کی زلفوں کے کاٹنے کا حکم دینا بالکل خلاف قیاس اور دور از عقل ہے۔ محمود دو حال سے خالی نہ تھا یا یہ کہ وہ ایک متقی پرہیزگار سلطان تھا یا یہ کہ اسے تقویٰ سے کوئی سروکار نہ تھا۔ اگر متقی پرہیزگار تھا تو اس کی بزم عیش میں بادہ و جام کا دور چلتا تھا۔ تماشے میں سے ہے کہ متقی سلطان کا بادہ پیمائی سے کیا تعلق ہے؟ اور اگر وہ متقی نہ تھا تو حالت بدمستی میں جوش تقویٰ میں آنا ایسی حیرت انگیز روایت ہے جو بادہ خواروں یا مدہوشوں کی بڑ سے زیادہ وقعت نہیں رکھتی۔ تقویٰ خداوندی اور شراب خوری جمع ان اضداد کیا اجتماع الضدین ہے۔ شاید مؤلف شعر العجم نے تقویٰ کے معنی اور ہی سمجھ لئے ہیں۔

بفرض محال اگر محمود کو بحالت بدمستی جوش تقویٰ پیدا ہی ہو گیا تھا تو شراب نوشی ترک کر دیتا جو ام الخبائث کہلاتی ہے یا اپنے ہاتھ کٹوا دیتا جس نے ایاز کی زلفوں سے کچھ کیا تھا۔ جو کچھ بھی خلاف شرع حرکات سرزد ہوئیں وہ شراب کی وجہ سے یا اس کی طبیعت کی خرابی کے سبب سے، ایاز کی زلفوں کو کاٹنے کا حکم دینا سراسر بے انصافی اور ظلم ہے۔

تاریخ فرشتہ میں لکھا ہے کہ "سلطان محمود غزنوی بادشاہ ہے جو کہ باضافہ صفات دینی و دنیاوی [illegible] وصورت فراست و جہانبانی [illegible] و شجاعت و شہامت [illegible] از ایمان [illegible] و اسلام [illegible] (مطبوعہ [illegible] صفحہ ۳۳) میں لکھا ہے "محمود [illegible] باپ کی طرح متقی [illegible] مستعدی [illegible] کی تمام [illegible]۔ اس کے علاوہ ایک بہت بڑی بات یہ تھی [illegible]

[illegible] سے [illegible] صورت میں [illegible] ہے۔

وقت اپنے لوگوں کو نصیحت کرتا تھا تو اس کے خیالات دلی تھے محمود کا جو شیوہ تھا اسلامی جوش اس کے دل میں [illegible] تھا۔ یہی صفت اس کی کل صفات کی محرک ہو اس میں بڑی قوت پیدا کرنے والی تھی۔ وہ ایک پرجوش مسلمان تھا۔ دشمنان اسلام اور کفار کی لڑائیوں کی حالت میں بھی جس وقت اسے فرصت مل جاتی تھی تو [illegible] سے قرآن مجید لکھا کرتا تھا کیونکہ وہ اپنی زندگی کا ایک لمحہ بھی بے کار اور ضائع نہیں جانے دیتا تھا۔

دربار خلافت بغداد سے [illegible] کی سند [illegible] بھی [illegible] اس [illegible] پر اس نے [illegible] اپنے عہد و پیمان کا پابند اور بدعہدی کے قریب نہ جاتا تھا۔

محمود جس طرح مسلمانوں میں سے سچا اور پکا مسلمان ہونے کا ثبوت تھا اسی طرح علم و فضل کی قدردانی میں اپنی نظیر آپ تھا۔ اس کا دربار علما و فضلا اور باکمال لوگوں سے معمور رہتا تھا [illegible] اپنے ممالک مفتوحہ سے [illegible] باکمال لوگوں اور [illegible] کی جانب [illegible] سے [illegible] تو محمود نے ان سے [illegible] کیا [illegible] اپنے دربار [illegible] اور [illegible] کو جمع کر رکھا تھا۔ علما فضلا، شعرا اور [illegible] کے اہل کمال [illegible] کا دربار رونق [illegible] ابوریحان [illegible] بڑا عالم تھا۔ [illegible] عنصری، فرخی، عسجدی اور فردوسی جیسے شعرا اس کے دامن سے وابستہ [illegible] صاحب [illegible] رہتا تھا۔

اگر محمود کو مال و دولت جمع کرنے والا اور بخیل کہا جاتا ہے تو اس کے [illegible] وہ مال و دولت اور روپیہ کے خرچ کرنے کے موقع سے بخوبی واقف تھا۔ وہ مال و دولت کو خرچ کرنے [illegible] جانتا تھا کہ کس موقع پر کس قدر روپیہ صرف کرنا چاہیے۔

محمود [illegible] مذہب [illegible] تعصب [illegible] وہ بہت بڑا [illegible] اور بے حد [illegible] تھا۔ [illegible] سے [illegible] تھا [illegible] وہ اپنی رعایا کی بہبودی [illegible] کی فکر میں رہتا تھا اور [illegible] انصاف و عدل قائم رکھنے کی تکلیفیں اٹھاتا تھا۔

محمود [illegible] صفت [illegible] کہ [illegible] ایک بادشاہ انصاف [illegible] علم [illegible] اور [illegible] سچا مسلمان تھا۔ اس کا ظاہر و باطن یکساں تھا۔ [illegible] سے بالکل علیحدہ تھا۔ [illegible] پہلے [illegible] جا چکا ہے۔

شاہنامہ اور محمود: ان [illegible] میں [illegible] کے ساتھ سلطان محمود کے [illegible] ہوتے ہیں۔ پہلا واقعہ یہ ہے کہ فردوسی نے سلطان محمود کی فرمائش سے [illegible] تصنیف کیا تھا۔ [illegible] کے [illegible] شعر کے عوض [illegible] وعدہ کیا تھا [illegible] جب شاہنامہ تیار ہوا تو [illegible] اشرفیوں کی جگہ [illegible] روپے [illegible] یہ روایت [illegible] مشہور ہے [illegible] بے اصل اور غلط بھی ہے۔ واقعات [illegible] سے [illegible] روایت کی غلطی ظاہر [illegible] باقی ہے۔

اور فردوسی کو شاعری کا مذاق ابتدا ہی سے تھا۔ اس نے [illegible] شاہان ایران کی [illegible] بھی [illegible]

[illegible]

اس نے اپنے علم و فہم کا نام رہنے کی غرض سے اور اپنے مذاقِ طبیعت کے اقتضاء سے شاہنامہ کی تصنیف کی بنیاد ڈالی جیسا کہ دیباچہ میں لکھتا ہے:

ہمی خواہم از دادگر یک خدای   کہ چندان بمانم بہ گیتی بجای
کہ این نامۂ شہریاران پیش   بہ پیوندم از خوب گفتار خویش
بسے رنج بردم دریں سال سی   عجم زندہ کردم بدیں پارسی
بسے مردہ از روزگار دراز   شد از گفت من نام شاں زندہ باز
چو عیسیٰ من ایں مردگاں را تمام   سراسر ہمہ زندہ کردم بنام

تاہم فردوسی نے شاہنامہ کی تصنیف کی بنیاد اپنے وطن طوس میں ڈالی تھی اور معتد بہ حصہ وہیں لکھا گیا۔ میرے اس دعوے کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے کہ جب فردوسی نے شاہنامہ کی تصنیف کی بنیاد ڈالی اس وقت اسے شاہان فارس کے تاریخی سرمایہ کی ضرورت تھی حسن اتفاق سے فردوسی ہی کے وطن میں ایک شخص کے پاس یہ سرمایہ موجود تھا اور وہ فردوسی کا دوست بھی تھا۔ اس نے فردوسی کے ارادے سے مطلع ہو کر تاریخ کا سارا سرمایہ فردوسی کو لا کر دے دیا۔ چنانچہ فردوسی اس واقعہ کو دیباچہ میں اس طور سے بیان کرتا ہے

بہ شہرم یکے مہرباں دوست بود   تو گفتی کہ با من بیک پوست بود
مرا گفت خوب آمد ایں رائے تو   بہ نیکی خرامد مگر پائے تو
نوشتہ من ایں نامۂ پہلوی   بہ پیش تو آرام مگر نغنوی
شو ایں نامۂ خسروان باز گوئے   بدیں جوئے نزد مہاں آبروئے
چو آورد ایں نامہ نزدیک من   برافروخت ایں جان تاریک من

تاہم یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ شاہنامہ کی بنیاد ۳۶۵ھ میں ڈالی گئی تھی۔ اگرچہ اس کا یقینی ثبوت کہیں بھی نہیں ملا لیکن خاتمہ کے شعر سے ثابت ہوتا ہے کہ شاہنامہ کی تصنیف ۴۰۰ھ میں تکمیل کو پہنچی۔ جیسا کہ فردوسی تصریح کرتا ہے:

ز ہجرت شدہ پنج ہشتاد بار   کہ گفتم من ایں نامۂ شہریار

پانچ کو اسی میں ضرب دینے سے چار سو ہوتے ہیں پھر ساتھ ہی اس کے ساتھ اس کی بھی تصریح کرتا ہے کہ اس کتاب کی تصنیف میں پینتیس سال صرف ہوئے۔

سی و پنج سال از سرائے سپنج   بسے رنج بردم بامید گنج

چار سو سے پینتیس کو تفریق کرنے سے ۳۶۵ باقی رہ جاتے ہیں پس یہی ۳۶۵ھ شاہنامہ کے آغاز تصنیف کا زمانہ سمجھنا چاہیے جیسا کہ ہم اوپر لکھ آئے ہیں اور سلطان محمود ۳۸۷ھ میں تخت نشین ہوا۔ اس بنا پر سلطان محمود کی تخت نشینی سے بائیس سال پیشتر شاہنامہ کی تصنیف کی بنیاد پڑ چکی تھی لہٰذا یہ کہنا کہ شاہنامہ سلطان محمود کی فرمائش سے تصنیف کیا گیا محض لغو اور بے بنیاد ہے باقی رہا یہ امر کہ فردوسی نے سلطان محمود کے تخت آرا ہونے کے بعد بہ نظر قدر افزائی شاہنامہ کو شاہی دربار میں پیش کیا ہو ممکن ہے اسے تسلیم کرتا ہوں جیسا کہ تیسرے دفتر کے دیکھنے سے اس کی تائید ہوتی ہے جہاں پر فردوسی نے دقیقی کے

[illegible] نقل کیے ہیں اس سے قدرے تفصیل [illegible] ہے

